قرآنی نظامِ ربوبیت کا پیامبر

طلوعِ اسلام

ماہنامہ ——— لاہور

مجلسِ ادارت

مُدیرِ مسئول: محمد لطیف چوہدری
معاون : ثریا عندلیب

ناشر : شیخ عبدالحمید
طابع : خالد منصور نسیم
مطبع : النور پرنٹرز و پبلشرز
۳/۲ فیصل نگر۔ ملتان روڈ۔ لاہور ۲۵
ٹیلیفون ——— ۲۷۵۸۲۶

مقامِ اشاعت : ۲۵/بی۔ گلبرگ ۲، لاہور ۱۱

فروری ۱۹۹۰ء
جلد ۴۳ شمارہ ۲

بدلِ اشتراک
سالانہ
پاکستان ——— ۶۰ روپے
بیرونی ممالک ——— (بذریعہ سمندری ڈاک) ۱۲۵ روپے
فی پرچہ : -/۵ روپے

خط و کتابت
ناظم ادارہ طلوعِ اسلام (رجسٹرڈ)
۲۵/بی۔ گلبرگ ۲، لاہور ۱۱
پوسٹ کوڈ ———
ٹیلیفون : ۸۷۹۲۴۶

فہرست مضامین

۱	سیمینار	ادارہ	۲
۲	لمعات	ادارہ	۳
۳	ہمارا مقصدِ حیات کیا ہے	اعزاز الدین احمد خاں	۷
۴	نورِ مبین	ادارہ	۲۵
۵	عورت کا قرآن	جمیلہ خاتون	۳۸
۶	کیا ہمیں قرآن عزیز ہے	ثریا عندلیب	۴۳
۷	مودودی، غلام احمد پرویز اور ڈاکٹر اسرار احمد کی فکر خام اور تحریکیں ناکام ہیں (طاہر القادری)	(انٹرویو) ڈاکٹر سید عبدالودود	۴۹
۸	حقائق و عبر	ادارہ	۵۶
۹	ایمان (قرآن بچوں کے لئے)	قاسم نوری	۵۹
۱۰	اسے بھی دیکھ لیجئے	ادارہ	۶۵
۱۱	*BOOK REVIEW*		۶۸
۱۲	*ONLY ONE QUESTION*	*G A PARWEZ*	

طلوعِ اسلام

سیمینار

بتقریب گولڈن جوبلی قرار دادِ پاکستان

اوقات ــــــ پہلا اجلاس ــــــ ۹½ بجے صبح

ــــــ دوسرا اجلاس ــــــ ۳ بجے بعد دوپہر

تاریخ ــــــ ۲۳ فروری جمعتہ المبارک

مقام ــــــ واپڈا آڈیٹوریم۔ واپڈا ہاؤس، لاہور

موضوعات

- تحریکِ پاکستان کے حقیقی مقاصد
- ان مقاصد کے حصول کیلئے ہماری کوششیں، کوتاہیاں اور دشواریاں
- پاکستان کے مستقبل کے لئے ہماری امیدیں
- منزل ہے کہاں تیری اے لالۂ صحرائی!
- اسلامی معاشرے میں عورت کا مقام
- حقیقت خرافات میں کھوگئی

آڈیٹوریم میں محدود گنجائش کے پیشِ نظر داخلہ بذریعہ دعوت نامہ ہوگا۔ دعوت نامے ادارہ طلوعِ اسلام۔ ۲۵۔بی گلبرگ II لاہور سے حاصل کئے جا سکتے ہیں ۔ اراکینِ بزمہائے طلوعِ اسلام کے علاوہ کیمپ میں رہائش کے لئے پیشگی اجازت لازمی ہوگی۔

ــــــ کنوینر مجلس منتظمہ

طلوعِ اسلام سیمینار

لمعات

اِن دنوں مملکتِ پاکستان اور مِلّتِ پاکستان دونوں اپنی تاریخ کے شدید ترین بحران سے دوچار ہیں۔ عدم تحفّظ کا عمومی احساس، خوف و ہراس، عزّت و عصمت کی بے حرمتی، نفسِ انسانی کی بے بضاعتی کمر توڑ مہنگائی، قتل و غارت گری، لاقانونیت، اسلحہ کی فراوانی، خونِ انسان کی ارزانی۔ اس قدر عام ہوگئی ہے کہ اپنے گھر اور چاردیواری میں بھی کوئی شخص خود کو محفوظ نہیں سمجھتا۔

نئے سال کا آغاز ہوتے ہی مُلک اور قوم دو ایسے حادثات سے دوچار ہوئے جنہوں نے روحوں تک کو لرزا دیا۔ پنجاب میں حافظ آباد روڈ پر نہر لوئر چناب کا پُل گر گیا اور شدید مالی اور جانی نقصان ہُوا۔ دوسرا حادثہ سِندھ میں سکھر کے قریب روہڑی سیکشن پر سانگی ریلوے اسٹیشن پر پیش آیا، جہاں دو ٹرینیں (بہاؤالدین ذکریا ایکسپریس اور لاڑکانہ سپیشل) آپس میں ٹکرا گئیں اور پل بھر میں پانچ سو کے قریب افراد لقمۂ اجل بن گئے۔ ایک ہزار سے زائد بُری طرح زخمی ہوئے۔ کئی کے اعضاء کٹ گئے۔ کئی ہمیشہ کے لئے معذور ہو گئے۔ متعدد خاندان زندگی بھر کی خوشیوں اور وسیلوں سے محروم ہوگئے۔ اس حادثہ کو پاکستان ریلوے کی تاریخ کا سب سے بڑا حادثہ قرار دیا گیا۔ سارا مُلک سوگ میں ڈوب گیا۔ ملک کی وزیرِ اعظم نے اس امکان کو کھلے لفظوں میں بیان کیا کہ یہ حادثہ تخریب کاری کا نتیجہ بھی ہو سکتا ہے۔ اس واقعہ کے صرف تین دِن بعد ایک اور ہولناک حادثہ ہوتے ہوتے رہ گیا۔

جب کوئٹہ سے لاہور آنے والی چلتن ایکسپریس شام کوٹ ریلوے اسٹیشن کے نزدیک شالیمار ایکسپریس سے ٹکراتے ٹکراتے رہ گئی۔ دونوں ریل گاڑیاں ایک ہی ٹریک پر آمنے سامنے آگئی تھیں، اگر یہ دونوں مسافر گاڑیاں ٹکرا جاتیں تو کئی ہزار انسان زخمی اور جاں بحق ہو سکتے تھے۔

کوئٹہ شہر اور کنٹونمنٹ کے علاقے میں راکٹوں کی بارش جو ۲۹۔ اور ۳۰، دسمبر ۱۹۸۹ء کی درمیانی شب کو ہوئی وہ بھی لرزا دینے کیلئے کچھ کم نہیں ہے۔ قبل ازیں سندھ حیدر آباد میں دِن دہاڑے سینکڑوں افراد

کا قتلِ عام اور عوام و حکام کی بے بسی کے علاوہ عوام الناس کی بے حمیتی اور بے حسی کے واقعات بھی قلبِ حساس کے تڑپا دینے کے لئے بہت کافی ہیں منڈا گڑین کے حادثے میں جب موت کا رقص جاری تھا اور اعضاء کٹ کٹ کر گر رہے تھے۔ چیخ و پکار اور مدد مدد کی فریادیں گونج رہی تھیں۔ کچھ لوگ جن میں مبینہ طور پر پولیس کے ملازمین بھی شامل تھے ٹرالیاں بھر بھر کر لوٹ مار میں مصروف تھے۔ (جنگ لاہور، رجنوری ۱۹۹۰ء) پاک فوج کے سپاہیوں نے رنگے ہاتھوں تین پولیس والوں کو گرفتار کیا ہے۔ (جنگ لاہور ۸ رجنوری ۱۹۹۰ء)

اس کے بعد یہ بھی پڑھ لیجئے کہ وفاقی وزارتِ داخلہ کے کنٹرول روم نے دس صفحات پر مشتمل رپورٹ شائع کی ہے۔ اس رپورٹ میں تیس نومبر تک کی رپورٹ درج ہے۔ یعنی ۳۰ نومبر ۱۹۸۹ء تک حکومت کی اپنی تحقیق اور اندازوں کے مطابق صورتِ حال مندرجہ ذیل تھی۔

- اس وقت ملک میں دس لاکھ کلاشنکوفیں (غیر قانونی کلاشنکوف رفلیں) موجود ہیں۔
- صرف ایک برس کے دوران ملک بھر میں پانچ ہزار آٹھ سو اڑتالیس افراد قتل ہوئے ہیں۔
- دو ہزار تین سو چھبیس رہزنی اور ڈکیتی کی وارداتیں ہوئی ہیں۔
- نو سو پچاس (ایک ہزار کے لگ بھگ) لڑکیاں اغواء ہوئی ہیں۔

اور یہ صرف وہ تعداد ہے جن کا ریکارڈ موجود ہے یا جن کے مقدمات درج ہوئے ہیں۔ یقیناً اس سے کئی گنا زیادہ ایسے بھی واقعات ہونگے جن کا اندراج نہیں ہو سکا ہوگا۔ اور اب ۷ رجنوری ۱۹۹۰ء کے جنگ لاہور کا ایڈیٹوریل کالم بھی دیکھ لیجئے جس میں بتایا گیا ہے کہ کراچی پولیس نے آٹھ تعلیمی اداروں کے ہوسٹلوں پر چھاپے مارے اور خود کار ہتھیاروں کے علاوہ گولیوں کے سینکڑوں راؤنڈ بھی برآمد کئے۔ اسلام نگر کراچی کے قبرستان سے بم ڈسپوزل سکواڈ نے ۹۰ ایم ایم رائفل کے ۲۷ ٹینک شکن میزائل اور ۱۰۵ ایم ایم کے ۹ ہیٹ میزائل برآمد کئے۔ اس ایڈیٹوریل کے مطابق کراچی میں ناجائز اسلحہ کی ناقابلِ بیان اور ناقابلِ اندازہ حد تک فراوانی ہے۔

پاکستان ٹیلی ویژن حکومتِ پاکستان کی تحویل میں ہے اور اس اعتبار سے یہ ایک سرکاری ادارہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ نیشنل نیوز اور قومی رابطے کے پروگراموں کے ذریعہ سے آئے دِن انتہائی مہلک اور جدید ترین خود کار اسلحہ پکڑتے ہوئے دکھایا جاتا ہے —— ہیروئین اور نشے کے دیگر انبار قبضے میں لئے جاتے ہیں —— بینک ڈکیتی اب روزمرّہ کا معمول بن گئی ہے اور پولیس کا رویّہ اس قدر ناگفتہ بہ ہو گیا ہے کہ اس کی مثال پہلے کبھی سننے اور دیکھنے میں نہیں آئی —— ایک خاتون وفاقی وزیر بنفسِ نفیس تھانے گئیں اور چوری کی F.I.R درج کرانی چاہی لیکن S.H.O نے الف۔ آئی۔ آر درج کرنے سے

نہ صرف انکار کر دیا بلکہ انہیں تھانے سے چلے جانے کا مشورہ بھی دیا۔

ملک کی سیاسی صورتِ حال بھی بگاڑ کے نقطۂ عروج تک پہنچ گئی ہے۔ سندھ جل رہا ہے، بلوچستان سلگ رہا ہے، پنجاب تڑپ رہا ہے اور سرحد مچل رہا ہے ـــــ اپوزیشن اور حکومت کی محاذ آرائی کا عالم یہ ہے کہ دونوں طرف شاید ہی کوئی ایسا لیڈر ہو، جس پر غداری کا الزام نہ لگ چکا ہو حتیٰ کہ ملک کی وزیرِ اعظم کی حبُّ الوطنی کو بھی شک کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے اور یہ الزام کسی ایرے غیرے نے نہیں ایک بڑے صوبے کے وزیرِ اعلیٰ کی طرف سے کھلے عام جلسے میں لگایا گیا ہے۔

عوام ـــــ جو کبھی آمریت اور کبھی جمہوریت کی پناہوں میں عافیت ڈھونڈتے ہیں، اس درجہ مایوسی کا شکار ہونے لگے ہیں کہ (خاکم بدہن) ملک ٹوٹنے یا باقی ہی نہ رہنے کی باتیں کرنے لگے ہیں۔ کوئی غیر ملکی تسلط کی باتیں کر رہا ہے۔ کوئی مارشل لاء کی پیش گوئی کر رہا ہے اور کوئی قیامِ پاکستان کو ہی کوس رہا ہے۔

سکھر ایئرپورٹ پر جیئے سندھ اور سندھو دیش کی تحریک کے بانی جی ایم سیّد کی آمد پر جس طرح پاکستان کے قومی پرچم کی تذلیل کی گئی، اسے پھاڑ اگیا، پاؤں تلے مسلا گیا اور پھر کھلے عام ہجوم میں جلایا گیا اور ساتھ ساتھ پاکستان کے خلاف خود اہلِ پاکستان نے نعرے لگائے، اس پر ہر محبِ وطنِ پاکستان کا دِل خوں فشاں اور جگر خونچکاں ہے۔

یہ سب کیا ہے؟ اور کیوں ہے؟ ہم کس منزل کی طرف بڑھ رہے ہیں؟ ہم نے بیالیس سال میں کئی تجربے کئے۔ گورنر راج دیکھا۔ صدارتی حکومت دیکھی۔ مارشل لاء دیکھا۔ آمریت دیکھی۔ جمہوریت دیکھی نہ چین وہاں ملا نہ سکون یہاں دیکھا۔ سب کی بات سنی۔ سب کا کہا مانا۔ سب ہی ذائقے چکھے اور جہاں تھے وہیں کھڑے نظر آئے بلکہ لحظہ بہ لحظہ مراجعت ہی دیکھی۔ ذلّت اور پستی ہی دیکھی۔ جدھر نگاہ اٹھی دُکھ ہی دُکھ پایا۔

کیا اس سے نجات ممکن ہے؟ کیا کبھی نظریں وہ تعبیر دیکھ سکتی ہیں، جس کا خواب حکیم الامت علامہ اقبالؒ نے دیکھا تھا اور جسے عملی جامہ حضرت قائدِ اعظمؒ نے پہنایا ـــــ؟ اس کا ایک حل تو یہ ہے کہ ملک اور ملّت کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے اور جو کچھ ہو رہا ہے اسے اللہ کی مرضی سمجھ لیا جائے۔

دوسری طرف ہماری مذہبی پیشوائیت کے وہ تجربے ہیں جو اصلاحِ احوال کے لئے سیاسی قلابازیوں کے ساتھ چالیس بیالیس سال کے عرصہ میں اس ملک میں دہرائے جاتے رہے ہیں۔ ان میں اسلامی شریعت، اسلامی نظام، اقامتِ دین، حکومتِ الٰہیہ، نظامِ مصطفیٰ اور نفاذِ شریعت کی تحریکیں خاص

طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ ان دنوں ایک نئی تحریک "اسلامی انقلاب" کے نام سے متعارف کرائی جارہی ہے۔ اس تحریک کے علمبردار طاہرالقادری صاحب ہیں جو پروفیسر اور ڈاکٹر ہونے کے ساتھ ساتھ قرآنی بصیرت کا بھی دعویٰ رکھتے ہیں۔ اور اس قرآنی بصیرت کا ثبوت حال ہی میں انہوں نے اس طرح دیا ہے کہ اتحادِ ملّت کی خاطر دیگر مذہبی اور سیاسی جماعتوں سے اس بنیاد پر اشتراک واتحاد فرمایا ہے کہ قرآن اور سنّت کی تعبیر ہر فرقے کے اپنے عقیدے کے مطابق ہوگی۔

بات شریعت کی ہو یا شریعت بل کی، انسانی سوچ کا دھارا، نہ مفاد پرستیوں سے بلند ہو پایا ہے، نہ فرقہ بندیوں سے ماوراء ہو سکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اب تک اسلام کے نام پر چلائی جانے والی کوئی بھی تحریک کامیابی کا چہرہ نہیں دیکھ پائی ہے اور ہم یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ آئندہ بھی اس بنیاد پر قائم ہونے والی کوئی بھی تحریک انسان اور عوامی مسائل کا مستقل حل کبھی پیش نہیں کر سکے گی۔

"طلوعِ اسلام" کا مؤقف یہ ہے کہ لاریب اسلام میں حاکمیت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ہے اور جب حاکمیت اللہ تعالےٰ کی ہے تو حکومت بھی اللہ کے قوانین، یعنی قرآنِ کریم کی ہوگی، انسانی قوانین کی نہیں ہو سکتی۔ خواہ وہ قوانین آمرانہ ہوں۔ بادشاہی ہوں، صدارتی ہوں، پارلیمانی ہوں، جمہوری ہوں یا کسی بھی نوعیت کے کیوں نہ ہوں۔ وہ قطعاً غیر قرآنی، غیر اسلامی ہوں گے۔ اور اللہ کے قانون کے مقابلے میں ان کی اطاعت شرک ہوگی۔

اس مؤقف کے اعادہ کے بعد ہم ملّتِ پاکستان سے پھر یہ کہنا چاہیں گے کہ موجودہ صورتِ حال کتنی ہی مایوس کن سہی، لیکن امید کی کرن ہنوز باقی ہے، ابھی مہلت کا وقت ختم نہیں ہوا ہے۔ اگر ہم اب بھی قرآنی اقدار کی طرف لوٹ آئے تو دنیا اور آخرت دونوں کو سنوار سکتے ہیں۔ علامہ پرویزؒ صاحب کے الفاظ میں:-

> "کرنے کا کام یہ ہے کہ یہاں کے نظامِ معاشرہ کو قرآنی اقدار کے تابع لے آیا جائے اس سے نہ صرف یہ کہ یہ مملکت ہر قسم کے خطرے سے محفوظ ہو جائے گی بلکہ عزّت و ثروت کے اس مقامِ بلند پر پہنچ جائے گی، جہاں سے انسان اپنے مقدّر کے ستارے جھک کر دیکھا کرتا ہے، لیکن ان سے اعراض برتا گیا تو ہماری تباہی یقینی ہے۔ یہی خدا کی سنّتِ مستمرہ ہے وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا۔ اور سنّتُ اللہ کبھی بدلا نہیں کرتی۔"
>
> (علامہ پرویزؒ، پمفلٹ قومیں کیوں تباہ ہوتی ہیں)

اعزاز الدین احمد خاں

ہمارا مقصدِ حیات کیا ہے؟ (ایک گوشہ)

سوال یہ ہے کہ قرآن حکیم نے مسلمانوں کا مقصدِ حیات کیا بتایا ہے جسے ان کا ایمان کہا جائے گا؟

قرآن کی رو سے مقصد

غالباً یہ ستمبر ۱۹۸۹ء کے آخری جمعہ کی بات ہے، درسِ قرآن حکیم کے دوران، میرے ساتھ والی کرسی پر ایک نوجوان آکر بیٹھا۔ جب درس ختم ہوا تو وہ میری طرف متوجہ ہوا اور پوچھا کہ:

"کیا میں درس سننے کے لئے باقاعدگی سے آتا ہوں"

"اتنی باقاعدگی سے تو نہیں جتنا کہ مجھے آنا چاہیئے" میں نے جواب دیا "لیکن آپ پوچھیئے کیا پوچھنا چاہتے ہیں"۔

کچھ توقّف کے بعد وہ بولا:۔

"میں دو ایک سوال پوچھنا چاہتا ہوں"

"ہاں پوچھیئے! اگر میں جواب نہ دے سکا تو آپ کا تعارف کسی ایسے بھائی سے کرا دوں گا جو آپ کو مطمئن کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔

نوجوان خاموش ہو گیا۔ مجھے ایسا لگا جیسے وہ سوال پوچھنے سے ہچکچا رہا ہو۔ اسکی خاموشی کو دیکھتے ہوئے میرے ذہن میں وہ چینی کہاوت گھومنے لگی جس کا مفہوم کچھ یوں ہے:۔ جو شخص سوال پوچھتا ہے چاہے تھوڑی دیر کے لئے لوگ اس کی لاعلمی پر ہنس ہی کیوں نہ لیں وہ اپنے علم میں اضافہ ضرور کر لیتا ہے، لیکن جو شخص سوال اس لئے نہیں پوچھتا کہ لوگ اس پر ہنسیں گے، وہ تمام عمر بے وقوف رہتا ہے۔ تاہم مجھے اس نوجوان کو چینی کہاوت بتانے کی ضرورت پڑی۔ کچھ دیر کے بعد وہ بولا

"میرا پہلا سوال تو یہ ہے کہ ہمارا مقصدِ حیات کیا ہے؟"

"اور دوسرا" میں نے پوچھا۔

"دوسرا سوال یہ ہے کہ قرآن نے جن معنی میں لفظ "شراب" کو استعمال کیا ہے اور جسے ہم "شراب" کہتے ہیں، ان دونوں میں فرق کیا ہے؟"

سوال سُن کر مجھے خوشی اس بات پر ہوئی کہ ہمارے نوجوان زندگی کا مقصد اور اس کے مسائل کے بارے میں سوچ ہی نہیں رہے۔ بلکہ ان کا حل قرآنِ حکیم کی روشنی میں تلاش بھی کر رہے ہیں۔ قرآن میں غور و فکر کرنے کا یہی صحیح طریقہ ہے اور یہی صحیح روشِ زندگی ہے۔

جواب میں، میں نے کہا "پہلے ہم آپ کے دوسرے سوال کو لیتے ہیں۔ عربی میں "شراب" کا مادہ ش۔ ر۔ ب ہے شَرِبَ اور یَشْرَبُ کے معنی ہیں، پلینا، سیراب ہونا۔ الشَّرَابُ۔ ہر وہ پینے کی چیز جسے چبانا نہ پڑے (۲/۲۵۹) شرابٌ (۲۶/۱۵۵) یعنی پانی۔ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَھُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِیْمٍ (۱۰/۴) جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ کھولتا ہوا پانی پئیں گے۔ لیکن اردو میں "شراب" اس (LIQUID) پانی کو کہتے ہیں جو نشہ پیدا کرے۔ قرآن کریم میں نشہ آور چیز کے لئے "خمر" کا لفظ آیا ہے۔ خَمْرٌ کے معنی ہیں کسی چیز کو چھپا دینا یا ڈھانپ دینا۔ اَلْخَمْرُ ہر اس نشہ آور چیز کو کہتے ہیں جو عقل میں فتور پیدا کر دے۔ یعنی جو عقل کو ڈھانپ دے۔ قرآنِ حکیم نے خَمْرٌ اور مَیْسِرٌ یعنی نشہ آور اشیاء اور میسر یعنی آسانی سے ہاتھ آئی ہوئی دولت، ایسی دولت جس کے لئے محنت نہ کی گئی ہو، کو رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ، قرار دے کر اس سے باز رہنے کی تاکید کر دی ہے (۵/۹۰) (رجسٌ کے معنی ہیں ایسی گندگی جو چپک جائے یعنی ایسے کام جن سے انسانی شرف کے نشوونما میں خلل اور رکاوٹ پیدا ہوئے۔)

دورانِ گفتگو معلوم ہوا کہ یہ نوجوان پاکستان نیوی میں سب لفٹیننٹ ہے اور کراچی میں بحریہ کے انجنیئرنگ شعبہ سے منسلک ہے۔ اس نے بتایا کہ وہ قرآنِ حکیم کا مطالعہ کرتا رہتا ہے لیکن ابھی تک وہ "مقصدِ حیات" کی گتھی نہیں سلجھا سکا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا کبھی اس نے سورۃ التوبہ کی آیات ۳۲ اور ۳۳ پر غور و فکر کیا ہے؟ جب اس نے نفی میں سر ہلایا تو میں نے اسے مشورہ دیا کہ وہ ان آیاتِ مبارکہ کا بغور مطالعہ کرے، ان میں کہی گئی بات پر تدبّر اور تفکّر کرے، اسے اپنے پہلے سوال یعنی "مقصدِ حیات کیا ہے" کا جواب مل جائے گا۔ اس نے میری طرف کچھ اس انداز سے دیکھا جیسے کہہ رہا ہو "یہ کیسے؟"

میں نے اپنی بات کی وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ جب وہ ان آیات (۹/۳۲-۳۳) اور ان دیگر مقامات جہاں یہ آیات دہرائی گئی ہیں، پر غور و فکر کرے گا، تو اس کے سامنے نزولِ قرآن اور بعثتِ رسولؐ کا مقصد آجائے گا۔ اور یہ سمجھنے کے لئے کوئی فلاسفر ہونے کی ضرورت نہیں کہ رسولؐ اللہ کی بعثت کا مقصد ہی "محمد رسول اللہ والذین معہ" کا مقصدِ حیات تھا، جس کے حصول کے لئے انہوں نے زندگی بھر جدّوجہد کی اور آخر کامیابی سے ہمکنار ہوئے۔

حضورؐ نبی اکرم کی طرف نازل کردہ دین، ضابطۂ حیات۔ چونکہ مکمل، غیر متبدل، محفوظ اور تمام نوعِ انسان کے لئے قیامت تک نظامِ خداوندی کا منشور تھا، اس لئے حضورؐ کے بعد کسی اور رسول کے آنے کی ضرورت نہیں رہی۔ رسول اللہ کے مقصدِ حیات کو اب آگے لے کر چلنا ان کے امتیوں کی ذمہ داری ہے۔ یعنی ہماری اور ہمارے بعد میں آنے والوں کی۔ دوسرے الفاظ میں بعثتِ رسولؐ یا نزولِ قرآن کے مقصد کا حصول اب ہمارا مقصدِ حیات ہے۔ مجھے ایسا لگا کہ جیسے میری بات اس نوجوان کے دل میں اتر گئی ہو۔ رخصت ہوتے وقت میں نے اس نوجوان کو تاکید کی کہ آیت $\frac{9}{33}$ کا گہرائی سے مطالعہ کرے تاکہ بعثتِ رسول اور نزولِ قرآن کا مقصد نکھر کر سامنے آجائے۔

آئیے! ہم بھی اُس نوجوان کے ساتھ اس مسئلے پر تدبر کریں، تاکہ نزولِ قرآن اور بعثتِ رسولؐ کا مقصد سمجھ میں آجائے۔

نزولِ قرآن / بعثتِ رسولؐ کا مقصد

نبی اکرمؐ کی دعوت کی مخالفت مشرکینِ عرب کی طرف سے بھی ہوئی تھی اور اہلِ کتاب (یہود و نصاریٰ) کی طرف سے بھی۔ یہ مخالفت کس بات کی تھی؟ یہ لوگ انسانوں کے وضع کردہ قوانین وضوابط یا رسوم و مناسک کا اتباع کرتے تھے۔ اور قرآن کی دعوت یہ تھی کہ اتباع و اطاعت صرف قوانینِ خداوندی کی ہوسکتی ہے، غیر اللہ کی نہیں۔ قرآن نے ان لوگوں کی مخالفت کے بارے میں سورۃ التوبہ کی آیت ۳۲ میں کہا:

> یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کے اس نور (قرآن) کو، جو انہیں تاریکیوں سے نکالنے کیلئے آیا ہے، پھونکیں مار مار کر بجھا دیں۔ لیکن ان کی ان باتوں سے کیا ہوتا ہے؟ اللہ اپنے نور کو مکمل کرکے رہے گا (یعنی اللہ اپنے دین کو انسانوں کے تمام خود ساختہ دینوں یعنی نظام ہائے زندگی پر غالب کرے گا) خواہ یہ بات ان مخالف لوگوں کو کتنی ہی گراں کیوں نہ گزرے۔" ($\frac{9}{32}$)

نور اللہ سے مراد اللہ کی راہنمائی ہے۔ قرآن کریم نے متعدد مقامات پر وحیِ خداوندی کو نور سے تشبیہ دی ہے ($\frac{4}{175}$، $\frac{5}{15}$، $\frac{6}{157}$)، اور جہاں یہ "نور" نہیں اسے ظلمات (تاریکیاں) کہہ کر پکارا ہے۔ آیت زیرِ نظر میں کہا گیا ہے کہ یہ لوگ اس چراغ کو پھونکوں سے بجھانا چاہتے ہیں۔ لیکن ان کی یہ سعیٔ لاحاصل کارگر نہیں ہوسکے گی۔ قرآن کی تاریخ اس حقیقت کی شاہد ہے کہ چودہ سو سال کے عرصے میں مخالفت کی کس قدر آندھیاں اٹھیں۔ کس قدر جھکڑ چلے، لیکن قرآن کے کسی ایک حرف کو مٹانا تو طرف، اسے اپنی جگہ سے ہلا بھی نہ سکے۔ ایسا اس لئے نہیں کرسکے کہ قرآن کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ نے لے رکھا ہے (...)

اسے محفوظ رکھنے کا مقصد سورۃ التوبہ کی آیت ۳۳ میں بیان کیا گیا ہے۔ جہاں فرمایا:-

هُوَ الَّذِيٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۝ ($\frac{9}{33}$)

"اللہ وہ ہے جس نے اپنے رسولؐ کو ضابطۂ حیات دے کر بھیجا ہے. یعنی اس نظام زندگی کو دے کر جو یکسر حقیقت پر مبنی ہے تاکہ یہ نظام دنیا کے باطل نظاموں پر غالب آئے، خواہ یہ بات ان لوگوں کو کتنی ہی ناگوار کیوں نہ گذرے جو ایک اللہ کے قوانین کی اطاعت کی بجائے مختلف خداؤں کے احکام کی اطاعت کرنا چاہتے ہیں۔"

سورۃ التوبہ کی اس آیت (۹/۳۳) کو سورۃ الفتح ۴۸ کی آیت ۲۸ میں دہرایا گیا ہے. باقی الفاظ تو وہی ہیں لیکن آخر میں وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ" کی جگہ " وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا" آیا ہے ایسا لگتا ہے کہ آیت ۹/۳۳، سورۃ الفتح میں اس وقت دہرائی گئی تھی جب رسول اللہ مکہ میں فاتح و منصور داخل ہو رہے تھے یا فتح مکہ مکمل ہو گیا تھا. (۴۸/۲۷).

سورۃ الفتح کی آیت ۴۸/۲۸ کا مفہوم کچھ یوں ہے:۔

"اللہ نے اپنے رسولؐ کو یہ ضابطۂ ہدایت یعنی حق پر مبنی نظام دے کر بھیجا ہی اس لئے ہے کہ یہ دنیا کے تمام خودساختہ نظام ہائے زندگی پر غالب آکر رہے (اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ اس جماعتِ مومنین کو اتنی قوت اور قدرت حاصل ہو کہ یہ باطل کا نظام مٹا کر اپنا نظام قائم کر سکے) اور اللہ اس بات کی نگرانی کرنے کے لئے کافی ہے کہ ایسا ہو کر رہے گا۔"

سورۃ الصّف (۶۱) کی آیات ۸ اور ۹ میں سورۃ التوبہ کی آیات ۹/۳۲، ۳۳ اور سورۃ الفتح کی آیت ۴۸/۲۸ کو پھر دہرایا گیا ہے۔ اہل کتاب اور مشرکین سے کہا جا رہا ہے:۔

"تم سمجھتے ہو کہ تم اپنی ان حرکتوں سے، اس قندیلِ آسمانی (قرآن) کی روشنی کو بجھا دو گے؟ تم اپنے اس ارادے میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکو گے (ذرا سوچو کہ کسی کے پھونکیں مارنے سے سورج کا چراغ بھی گل ہو سکتا ہے) اللہ اپنے اس نور کو مکمل کر کے ہر طرف پھیلا کر چھوڑے گا، خواہ یہ بات کفار پر کتنی ہی گراں کیوں نہ گزرے۔" (۶۱/۸، ۹/۳۲)

اللہ نے اپنے رسولؐ کو یہ ضابطۂ حیات، یعنی دینِ حق دے کر بھیجا ہی اس لئے ہے. تاکہ وہ اللہ کے پسندیدہ (انسانوں کے لئے) نظامِ زندگی کو دوسرے تمام نظامہائے عالم پر غالب کر کے دکھا دے خواہ یہ بات ان لوگوں کو کتنی ہی ناگوار کیوں نہ گزرے جو اللہ کے ساتھ اوروں کو بھی شریکِ حکومت کرنا چاہتے ہیں۔" (۶۱/۹)

قرآنی نظام غالب آکر رہے گا

یہ آیات ۹/۳۲-۳۳، ۴۸/۲۸، ۶۱/۸-۹ اپنے مفہوم کے اعتبار سے بڑی اہم ہیں. ان میں کہا یہ گیا ہے کہ بعثتِ نبی اکرمؐ اور نزولِ قرآن سے مقصد یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نوعِ انسان کے لئے جو نظامِ زندگی (الدین) متعین کیا ہے، وہ انسانوں کے تمام خودساختہ نظامہائے حیات پر غالب آجائے. یعنی انسان صرف اور صرف اللہ کے نازل کردہ

نظام کے تابع زندگی بسر کرے۔ اور اس طرح ہر قسم کی غلامی سے نجات پائے۔ یاد رہے جس طرح کائنات میں ہر شے کے لئے قوانینِ خداوندی مقرر ہیں۔ اسی طرح انسانی زندگی کے لئے بھی قوانین عطا کئے گئے ہیں۔ اس ضابطہ قوانین کو الدین کہا جاتا ہے۔ اور وہ طریقہ جس کے مطابق انسان اس ضابطہ زندگی کو عملاً اختیار کرتا ہے، الاسلام کہلاتا ہے۔ اور اس طریق کو اختیار کرنے والوں کو مسلم کہا جاتا ہے۔ چونکہ وہ قوانینِ خداوندی جن کے مطابق انسانوں کا چلنا مقصود ہے اب اپنی آخری اور مکمل شکل میں قرآنِ حکیم کے اندر محفوظ ہیں، اس لئے اب الاسلام کے معنی ہیں قرآنی قوانین و احکام و اصول کے مطابق عملاً زندگی بسر کرنا۔ ان قرآنی قوانین اور احکام پر انفرادی طور پر عمل پیرا نہیں ہوا جاسکتا۔ اجتماعی طور پر ہی ہوا جاسکتا ہے۔ یعنی ایک نظامِ حیات کے تابع جسے الاسلام کہہ کر پکارا گیا ہے۔ قرآن کا دعویٰ ہے کہ یہ نظامِ حیات یعنی اسلام، دنیا کے ہر نظام پر غالب آئے گا۔

یہ جو ہم آئے دن اہلِ مذاہب کے ساتھ مناظروں اور مباحثوں سے، ان کے مذاہب کے مقابلہ میں اسلام کی افضلیت ثابت کرتے ہیں۔ یہ اصولی طور پر بے معنی ہے کیونکہ اسلام، دین ہے، مذہب نہیں۔ جب اسلام مذہب ہے ہی نہیں، تو اس کا مذاہب کے ساتھ مقابلہ کیا۔ اسلام ایک نظامِ حیات ہے۔ اس کا دنیا کے نظام ہائے حیات کے ساتھ مقابلہ کرنا چاہیئے۔ مثلاً شہنشاہی نظامِ حکومت، آمریت، مغربی جمہوریت، سیکولرازم، نیشنلزم، انٹرنیشنلزم، نظامِ سرمایہ داری، سوشلزم اور کمیونزم وغیرہ کے ساتھ مقابلہ۔ قرآن نے جب کہا ہے کہ یہ تمام غیر خدائی نظامہائے حیات پر غالب آجائے گا تو اس سے یہی مراد ہے۔ مذاہب نے تو اپنی موت آپ مرجانا ہے۔ اس کے مذاہب پر غالب آنے کے معنی کیا؟

اس سے واضح ہے کہ اسلام ایک عظیم انقلابی پروگرام کا نام ہے جس کا مقصد خدا کے متعین کردہ نظام کو تمام نظامہائے عالم پر غالب کرنا ہے۔ جو شخص اس نصب العین کو اپنی زندگی کا مقصد و منتہیٰ قرار دے لیتا ہے۔ اسے مسلم یا مومن کہا جاتا ہے۔ سوال اٹھتا ہے کہ اسلام کو انسانوں کے خود ساختہ نظاموں پر غالب کیسے کیا جائیگا؟ ظاہر ہے کہ اللہ کے تجویز کردہ نظامِ حیات، اسلام کو پہلے اپنے معاشرے میں "غالب" کرنا ہوگا، یعنی نافذ کرنا ہوگا۔ ہمیں پہلے خود قرآنی قوانین و احکام و اصول کے مطابق عملاً زندگی بسر کرنا ہوگی تاکہ دنیا دیکھ لے کہ یہی وہ دین ہے یہی وہ نظامِ حیات ہے، جو انسانی زندگی کے تمام مسائل کا حل اپنے اندر رکھتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں ہمیں ایک ایسا قرآنی معاشرہ قائم کرنا ہوگا جیسا کہ رسول اللہ اور "والذین معہ" کے زمانے میں قائم ہوا تھا۔

عہدِ نبی اکرمؐ میں یہ نظام کس طرح متشکل ہوا ہے۔ اسے قرآنِ حکیم کی سورۃ فتح کی آیات ($\frac{48}{28-29}$) میں بڑے دلکش انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ آیت ($\frac{48}{28}$) تو وہی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ اللہ نے اپنے رسولؐ کو ضابطہ ہدایت یعنی حق پر مبنی نظام دے کر بھیجا ہی اس لئے ہے کہ یہ دنیا کے تمام خود ساختہ نظام ہائے زندگی پر غالب آکر رہیگا۔"

آیت ۴۸/۲۹ میں کہا گیا ہے۔ کہ اللہ کا دین غالب ہوگا۔ محمد رسول اللہ اور اس کے رفقائے کار کی جماعت کے ہاتھوں سے، یعنی جماعت مومنین کے ہاتھوں۔ یہ جماعت بھی کیا عجیب و غریب جماعت ہے! ان کی کیفیت یہ ہے کہ یہ حق کے مخالفین کے مقابلہ میں چٹان کی طرح سخت ہیں، لیکن آپس میں بڑے ہی نرم دل اور ہمدرد۔ تو انہیں دیکھتا ہے کہ وہ کس طرح ذمہ داریوں کا بوجھ اٹھانے کے لئے جھک جاتے ہیں۔ اور قوانین خداوندی کے سامنے پیکر تسلیم و رضا بن جاتے ہیں۔ (لیکن یہ تارک الدنیا راہبوں کی جماعت نہیں) یہ قانون خداوندی کے مطابق سامان زیست کی تلاش میں مصروف رہتے ہیں۔ اور اس کے ساتھ اس کی بھی کوشش کرتے ہیں کہ ان کا ہر عمل قانون خداوندی سے ہم آہنگ اور ان کی سیرت صفات خداوندی سے یک رنگ ہو جائے۔ اس سے انہیں جو سکون قلب اور حقیقی مسرت حاصل ہوتی ہے، اس کے اثرات ان کے چہروں سے نمایاں نظر آتے ہیں۔ ان کی یہ علامات، سابقہ کتب آسمانی، تورات و انجیل میں بھی مذکور ہیں۔

"انہوں نے اس نظام خداوندی کو جس طرح قائم کیا ہے اور پروان چڑھایا ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھو کہ جب عمدہ بیج سے شگوفہ پھوٹتا ہے تو اس کی پہلی کونپل بڑی نرم و نازک ہوتی ہے۔ پھر جوں جوں اس کی جڑ مضبوط ہوتی جاتی ہے اس کی نال موٹی ہوتی جاتی ہے۔ حتیٰ کہ وہ اتنی مضبوط ہو جاتی ہے کہ وہ اپنے سہارے آپ محکم اور استوار طریق پر قائم ہو جاتی ہے (اس میں خوشے لگتے ہیں اور خوشوں میں دانے پڑ کر سخت اور مضبوط ہو جاتے ہیں۔ یوں وہ ننھا سا بیج، پکی ہوئی فصل میں تبدیل ہو جاتا ہے۔) جب کاشتکار اپنی محنت کو اس طرح ثمر بار ہوتے دیکھتا ہے تو وجد و مسرت سے جھوم اٹھتا ہے۔ لیکن یہی چیز اس کے مخالفین کے سینے پر سانپ بن کر لوٹنے لگ جاتی ہے۔"

"اس طرح اللہ ہر اس جماعت کو جو اس کے قوانین کی صداقت پر ایمان لا کر، اس کے بتائے ہوئے پروگرام پر عمل پیرا ہوتی ہے، اس امر کا وعدہ دیتا ہے (یعنی یہ اس کا قانون ہے) کہ ان کی کوششوں کا ننھا سا بیج، تمام خطرات سے محفوظ رہے گا، اور ان کی کھیتی پک کر بہترین ثمرات کی حامل ہو جائے گی۔ لیکن اس کے لئے اس قسم کی محنت اور استقامت کی ضرورت ہوگی، جس قسم کی محنت اور استقامت کا ثبوت کسان دیتا ہے — تخم صالح قوانین فطرت سے مطابقت، مسلسل محنت اور استقلال و استقامت، اچھے نتائج کے لئے نہایت ضروری ہے۔"

(مفہوم القرآن ص ۹)

ان آیات (۴۸/۲۸-۲۹) پر غور کرنے سے یہ بات واضح طور پر سامنے آجاتی ہے کہ محمد رسول اللہ والذین معہ نے بعثت رسول کے مقصد کو اپنا مقصد حیات بنا کر اس کے حصول کے لئے سخت جدوجہد کی۔ اور تھوڑے ہی عرصہ میں، اپنے یقین محکم اور عمل پیہم سے دین الحق کے نظام کو اس وقت کے نظام ہائے زندگی پر غالب کر کے دکھا دیا جیسا کہ ہم جانتے ہیں۔ اس زمانے میں ایران اور رومۃ الکبریٰ کے نظام ہی دنیا میں سربلند اور غالب نظام تھے۔ قرآنی

نظام نے ان دونوں نظاموں کو شکست دے کر اپنے نظام کو غالب کر کے رکھ دیا۔ یاد رہے کہ صدرِ اوّل کی فتوحات، علاقوں اور ملکوں کی فتوحات نہیں تھیں۔ وہ انسانوں کے وضع کردہ نظاموں پر نظامِ خداوندی کی فتح تھی۔ وہ لِیُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّیْنِ كُلِّهٖ کا عملی مظاہرہ تھا۔

عہدِ رسالت مآبؐ اور خلفائے راشدین کے دَور میں علاقوں اور ملکوں کی فتوحات سے یہ نتیجہ اخذ کرنا صحیح نہیں ہوگا کہ اسلام تلوار کے زور سے پھیلا تھا۔ اسلام تو امن اور سلامتی کا دین ہے۔ اس کے اختیار کرلے والوں کو مسلم یا مومن کہا اس لئے جاتا ہے کہ وہ دنیا میں امن قائم کرنے کا ذمہ وار۔ امن قائم رکھنے کے لئے ایک شرط یہ ہے کہ یہ جماعتِ مومنین خود امن سے رہے اور دوسروں کے امن میں خلل انداز نہ ہو۔ لیکن جب قوت کے نشہ میں بدمست قومیں دنیا کے امن میں خلل انداز ہوں اور فساد برپا کرنے پر آمادہ، تو انہیں اس سے روکنا بھی تو ضروری ہوگا۔ اس کے لئے پہلے انہیں سمجھانے کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی لیکن جب یہ تمام تدبیریں ناکام رہ جائیں اور وہ قوت کے سوا کوئی زبان ہی نہ سمجھیں، تو پھر ان کے مقابلہ کے لئے قوت کا استعمال ناگزیر ہو جائیگا۔ یہ وہ مقام ہے جہاں، قرآنِ حکیم جماعتِ مومنین کو جنگ کی اجازت دیتا ہے۔ دیکھئے: ۲/۱۹۰، ۴/۷۵، ۹/۳۶، ۲۲/۳۹-۴۰، ۴۱۔

دوسرے الفاظ میں اسلام میں جنگ، ظلم اور زیادتی کو روکنے کے لئے ہوگی، خواہ یہ ظلم اور زیادتی کہیں ہو رہی ہو۔ اور کسی کے خلاف بھی ہو رہی ہو۔ اس میں قوم، وطن، رنگ، نسل حتیٰ کہ مذہب کی بھی کوئی تمیز نہیں ہوگی۔ ظلم روکنے کے معنی یہ ہیں کہ اگر مستبد اور ظالم اقوام، کمزوروں اور ناتوانوں پر ظلم اور زیادتی کریں، تو جماعتِ مومنین کا فریضہ ہوگا کہ وہ ان مظلوموں کی مدد کو پہنچے۔ اسی کو جہاد کہتے ہیں۔ یہ سوال اکثر پوچھا جاتا ہے کہ اسلام میں جنگ مدافعانہ ہوگی یا محاربانہ۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اسلام میں جنگ، ظلم اور زیادتی کو روکنے کے لئے ہوگی۔ یہ جنگ بنیادی حقوقِ انسانیت کے تحفظ کے لئے ہوگی۔ مثلاً محمد بن قاسمؒ کا سندھ پر حملے کا یہی مقصد تھا اس قسم کے حالات جب اور جہاں بھی پیدا ہوں، جماعتِ مومنین کو قرآنی راہنمائی کے تابع فیصلہ اور عمل کرنا ہوگا۔

اللہ کے دین کو غالب لانے کی ایک شکل تو ظلم اور زیادتی کے خلاف جنگ ہے۔ اس کے غالب آنے کی ایک اور شکل یہ ہے کہ جو قوم اس نظام (دین) کو اپنے ہاں متشکل کرے، اگر کسی دوسرے نظام کی حامل قوم اس نظام کو ناکام بنانے کے لئے اس سے متصادم ہو جائے، تو وہ کامیاب نہیں ہوگی۔ اللہ کے نظام کی حامل قوم، مخالف قوم پر غالب آئے گی، یہ اللہ کا وعدہ ہے۔

قرآنِ حکیم نے ان قوموں یا جماعتوں کو جن کے ہاتھوں نظامِ خداوندی کو غلبہ حاصل ہوگا کہیں اُمتِ مسلمہ، کہیں جماعتِ مومنین، اور کہیں حزب اللہ کہہ کر پکارا ہے۔ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (۵۸/۲۲)
"یہ اللہ کی پارٹی ہے جو یقیناً کامیاب ہوگی"۔ اور اس کی مخالف پارٹی جسے "حزب الشیطٰن" کہا گیا ہے، ناکام

رہے گی ۵۸/۱۹، دوسری جگہ انہیں "خدا کا لشکر" کہا ہے۔ اِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ (۳۷/۱۷۳) سورۃ النساء میں اور بھی واضح الفاظ میں کہہ دیا کہ: وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا (۴/۱۴۱) "یہ کبھی نہیں ہو گا کہ اللہ کفار کو مومنین پر غالب آجانے دے۔ سورۂ آلِ عمران میں کہا گیا ہے۔ اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ (۳/۱۳۸) "تم مومن ہو تو سب پر غالب رہو گے۔ صدرِ اوّل میں جب جماعتِ مومنین نے اس نظام کو متشکل کیا تھا، تو یہ تمام دعاوی سچ ثابت ہو کر سامنے آ گئے تھے۔

آپ دیکھیں گے کہ ان تمام آیات میں جن میں جماعتِ مومنین کے غلبہ و تسلط اور برتری و افضلیت کا ذکر ہے ۱۰سے اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ " سے مشروط کیا گیا ہے۔ یعنی یہ صورت اس وقت تک باقی رہے گی، جب تک تم اس نظام کو باقی رکھو گے۔ اگر تم نے اس نظام کو چھوڑ کر اور فرقہ پرستی اور پارٹی بازی کو اپنا شعار بنا لیا تو تم دنیا کی باقی قوموں جیسی ایک قوم بن جاؤ گے جن کا بس نام "مسلمان" ہو گا۔ ایسا لگتا ہے جیسے ہماری بات ہو رہی ہو۔ کیا یہ حقیقت نہیں کہ ہم نے، " وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا " (۳/۱۰۲) کے قرآنی حکم کو پسِ پشت ڈال رکھا ہے۔ جس کی وجہ سے امت کی وحدت پارہ پارہ ہو گئی ہے۔ امت مذہبی فرقوں میں بٹی پڑی ہے، جس کو قرآن نے شرک کہا ہے۔ (۳۰/۳۱-۳۲) اور پارٹی بازی کو خدا کا عذاب (۶/۱۶۵)

اللہ کا دین تو ایک ہے کیونکہ اللہ ایک ہے۔ اس لئے دینِ اسلام میں تو فرقوں کا سوال ہی نہیں اٹھتا۔ فرقے تو مذہب ہی ہوتے ہیں۔ ہم بٹے ہوئے تو ہیں مذہبی فرقوں میں، لیکن اپنے اس دعوے پر زور و شور سے قائم ہیں کہ ہم "اہلِ ایمان" ہیں۔ اور اللہ کے ضابطۂ حیات (القرآن) کے ایک ایک لفظ پر ایمان رکھتے ہیں۔ خود فریبی اور خدا فریبی کا یہ سلسلہ صدیوں سے جاری ہے۔ اس فریبِ عظیم کی بنا پر اس امت کو جو بُرے دن دیکھنے پڑے ہیں ان کی تفاصیل سے تاریخ کے اوراق بھرے پڑے ہیں۔ صدیوں سے یہ ایسی پستی اور خواری کا شکار چلی آ رہی ہے کہ اقوامِ عالم کی صف میں اسے کوئی قابلِ عزت مقام حاصل نہیں۔ مسلمان دنیا کے ہر گوشے میں دوسری قوموں کے محتاج ہیں اور ان کی قسمت کے فیصلے غیروں کے رحم و کرم پر موقوف ہیں۔ ایک طرف تو امت پر صدیوں سے یہ قیامت بیت رہی ہے۔ دوسری طرف ہمارے مذہبی پیشوا اسے برابر اس خود فریبی میں مبتلا رکھے چلے آ رہے ہیں کہ اس دنیا کی ذلت، جنتِ اُخروی کی ضمانت ہے۔ قرآن پر ایمان کی دلیل یہ قرار دی گئی کہ اس سے تعویذوں، ٹوٹکوں، وظیفوں اور استخاروں کا کام لیا جائے۔ اس پر غور و فکر کی قطعاً ضرورت نہیں بلکہ بلا سوچے اور سمجھے اس کی اندھا دھند تلاوت ہی حصولِ ثواب کا موجب ہے۔ اسی سے آخرت میں بیڑا پار ہو گا۔ یہ کرتے رہو اور اس کے بعد اس ضابطۂ حیات کو ریشمی لباسوں میں سجا کر گھروں میں لٹکائے رکھو یا کسی اونچی جگہ پر رکھ دو تاکہ اس کی طرف پیٹھ نہ ہو۔ اور ہم یہی کرتے چلے آئے ہیں اور کر رہے ہیں۔

جب تک ہم قرآنِ حکیم میں کھلے ذہن سے غور و فکر ہی نہیں کریں گے ہمیں کیسے پتا چلے گا کہ قرآن امتِ مسلمہ کا مقصدِ حیات کیا بتاتا ہے؟ قرآنِ حکیم تو امتِ مسلمہ کا مقصدِ حیات دنیا میں نظامِ خداوندی کا غالب کرنا بتاتا ہے لیکن مذہبی پیشوائیت نے اس مقصد کو امت کی نگاہوں سے اوجھل کر کے، ان کے سامنے انفرادی نجات کا عقیدہ رکھ دیا ہے کہ یہی اصل مقصدِ حیات ہے۔ اسے کہتے ہیں دین کو مذہب سے بدلنا۔

دین اور مذہب میں فرق

آگے بڑھنے سے پہلے یہ مناسب ہوگا کہ اگرچہ چند لفظوں میں یہ بتا دیا جائے کہ دین اور مذہب میں فرق کیا ہے۔ اسے یوں سمجھئے۔ "مذہب" اس راستے کو کہتے ہیں جو انسان کا وضع کردہ ہو اَلْمَذْهَبُ کے معنی ہیں۔ راستہ، طریقہ، وہ عقیدہ جس کی طرف کسی کا رجحان ہو۔ مذہب کے معنی مکتبِ فکر (سوچ کے مختلف طور طریق) نہیں بلکہ مختلف سبیل / چلنے کے مختلف راستے ہوتے ہیں۔ اور جب ایک امت مختلف راستے اختیار کرے گی تو اس میں تفرقہ خود بخود پیدا ہو جائیگا۔

قرآنِ حکیم میں مذہب کا لفظ کہیں نہیں آیا۔ اسلام کے لئے دین کا لفظ آیا ہے۔ ابتدائے اسلام میں صرف دین تھا۔ بعد میں جب مختلف ائمہ فکر و فقہ کی نسبتوں سے مختلف طریقے پیدا ہوئے۔ اللہ کے دین میں انسانی خیالات کی آمیزش ہوئی تو دین کی جگہ مذہب نے لے لی۔ مذہب ہی ہے جس میں مختلف فرقے ہوتے ہیں۔ دین میں فرقہ سازی کو شرک قرار دیا گیا ہے (۳۰/۳۲-۳۱) ہمارے ہاں رائج شدہ "اسلام" منزل من اللہ دین نہیں مذہب ہے کیونکہ ہماری مسلمان قوم مختلف مذہبی فرقوں میں بٹی ہوئی ہے۔ دین میں فرقے نہیں ہوتے۔ دین امت کو ایک سبیل پر چلاتا ہے۔

لفظ دین بہت سے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ۔ غلبہ ۔ اقتدار ۔ حکومت ۔ مملکت ۔ آئین ۔ قانون ۔ نظم و نسق ۔ فیصلہ، جزا و سزا وغیرہ وغیرہ۔ قرآنِ حکیم نے لفظِ دین کو منجملہ اور معنوں کے، ضابطۂ حیات کے معنوں میں بھی استعمال کیا ہے۔ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (۳/۱۸) وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط (۵/۳) یہی الدّین ہے جسے دے کر نبی اکرمؐ کو بھیجا گیا تھا۔ هُوَ الَّذِىْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ۔ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ (۹/۳۳، ۴۸/۲۸، ۶۱/۹) اللہ وہ ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا تاکہ وہ اس دین (نظامِ حیات) کو، دیگر تمام ادیان (نظام ہائے حیات) پر غالب کر دے خواہ مشرکین کو یہ چیز کتنی ہی ناگوار کیوں نہ گزرے۔" چونکہ "اسلام" ایک نظامِ حیات ہے اس لئے اس پر انفرادی طور پر عمل پیرا نہیں ہوا جا سکتا۔ اجتماعی طور پر ہی ہوا جا سکتا ہے۔ اس سے واضح ہے کہ دینِ اسلام پیرا اپنی آزاد مملکت کے بغیر عمل پیرا ہونا ناممکن ہے۔ مطالبۂ پاکستان کی یہی وجہ تھی۔ ہم نے پاکستان تو حاصل کر لیا ہے لیکن ابھی تک اللہ کے دینِ اسلام کو اس میں نافذ نہیں کر سکے ہیں۔ اس کے لئے ہمیں سب سے پہلے "لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ

کُلِّہٖ" کا عملی مظاہرہ اپنے گھر سے کرنا ہوگا۔ مذہبی پیشوائیت (علماء و مشائخ) کا جال ہم پر گیرائی اور اس مضبوطی سے پھیلا ہُوا ہے کہ ہم جب تک اس کے پھندے سے نکل نہ جائیں، اسلام ہمارے ہاں قدم نہیں رکھ سکتا۔ اس لئے حصولِ مقصد کے لئے پہلے ہمیں اپنے مرّوجہ مذہب کو دین میں بدلنا ہوگا۔

تجدیدِ مقصد

سابقہ اقوام جب اس سطح پر اتر آتی تھیں، جس پر آج کل ہم ہیں، تو ان کی طرف اللہ کا ایک اور رسول آجاتا تھا جو اللہ کا دین اُن کے سامنے پھر سے رکھ دیتا اور اس طرح مذہب کو پھر سے دین میں بدل دیتا تھا۔ لیکن حضور نبی اکرم کی طرف نازل کردہ ضابطۂ حیات چونکہ مکمل، غیر متبدل، محفوظ اور تمام نوعِ انسان کے لئے قیامت تک نظامِ خداوندی کا منشور ہے۔ اس لئے حضورؐ کے بعد کسی مامور من اللہ کے آنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ($\frac{6}{112}$)۔ اب لِیُظۡہِرَہٗ عَلَی الدِّیۡنِ کُلِّہٖ لہٰذا دینِ خداوندی کو نظام ہائے عالم پر غالب کرنے کا مقصد، رسول اللہ کے امتیوں ہی کو حاصل کرنا ہے۔ اگرچہ اسلام کو ہم نے دانستہ یا نادانستہ مذہب میں تبدیل کر دیا ہے۔ لیکن اس میں اور مذاہبِ عالم میں ایک بنیادی فرق ہے ـــ وہ فرق یہ ہے کہ دینِ اسلام کا ضابطۂ قوانین۔ قرآنِ حکیم اپنی اصلی اور غیر محرّف شکل میں انسان کے پاس محفوظ ہے۔ لہٰذا ہم جب چاہیں اس مرّوجہ مذہب کو پھر سے دین میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ ہمارے کرنے کا کام یہ ہوگا کہ ہم قرآن کے متعیّن کردہ مقصد، دینِ خداوندی کو نظام ہائے عالم پر غالب کرنے کا مقصد از سرِنو اپنے سامنے رکھ لیں۔ سمجھنے کے لئے اسے "تجدیدِ مقصد" کہہ لیجئے۔

دوسرے الفاظ میں نزولِ قرآن یا بعثتِ رسول کا مقصد کا حصول اب ہمارا مقصدِ حیات ہے۔ جیسا کہ یہ پہلے محمد رسول اللہؐ والذین معہٗ ($\frac{48}{29}$) کا تھا۔ اس مقصد کی صداقت پر یقین ہمارا ایمان کہلائے گا۔ ہماری زندگی کا مقصد کہلائے گا۔ اس مقصد کے حصول کے لئے جس قدر جدوجہد کی جائے گی۔ قرآنِ حکیم اسے "اعمالِ صالحہ" سے تعبیر کرتا ہے۔

واضح رہے کہ قرآنِ حکیم نے "اعمالِ صالحہ" کی کوئی جامع اور مانع فہرست مرتب کر کے نہیں دی ہے۔ اعمالِ صالحہ سے اس کی مراد ایسے تمام کام ہیں جو زمانے کے تقاضوں کے مطابق تعمیری نتائج پیدا کریں اور وہ قرآنی اصولوں سے متصادم نہ ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن کی ساری تعلیم انہی دو اصطلاحات میں سمٹ کر آجاتی ہے یعنی اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ۔ قرآنی مقصد کو اپنی زندگی کا مقصد قرار دینا اور پھر اس کے حصول کے لئے جدوجہد کرنا۔

قرآنِ حکیم میں آپ شروع سے اخیر تک دیکھیں گے کہ اِنَّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا کے ساتھ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ آیا ہے۔ یعنی قوانینِ خداوندی کی صداقت پر یقین رکھنا اور اس کے ساتھ ہی صلاحیت بخش کام کرنا۔ اس سے واضح ہے کہ ایمان اور عمل لازم و ملزوم ہیں۔ نیز اعمال وہی صالح ہیں جنہیں قرآنِ حکیم صالح قرار دے (یعنی جو قرآنی اصولوں

سے نہ ٹکرائیں) نہ کر وہ جنہیں ہم اپنی دانست میں اعمال صالح سمجھیں۔ ان اعمال کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ فرد کی صلاحیتیں بیدار ہو جاتی ہیں اور نوعِ انسانی کے معاملات سنور جاتے ہیں۔

اگر بات سمجھ میں نہ آئی ہو تو اسے یوں سمجھیں کہ قرآن حکیم کا مقصود یہ ہے کہ انسان صرف اور صرف قوانینِ خداوندی کی محکومی اختیار کرے۔ کافر اور مومن میں یہی فرق ہے۔ قرآنِ حکیم کا واضح ارشاد ہے۔ وَمَن لَّمْ يَحْكُم بِمَا أَنزَلَ اللَّهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ (۵/۴۴) "جو قوم قرآنِ حکیم کے مطابق حکومت نہیں کرتی، تو یہی تو وہ لوگ ہیں جو کافر ہیں۔ سورۃ النور کی آیت (۲۴/۵۵) میں واضح الفاظ میں کہہ دیا گیا ہے کہ جماعت مومنین کو حکومت اس لئے دی جائے گی تاکہ اس میں (۱) دین کا تمکن ہو سکے۔ ۲۔ اس میں صرف اللہ کی عبادت ہو سکے (لِيَعْبُدُونَنِي) اور ۳۔ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کیا جائے (لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا) ظاہر ہے کہ اگر "عبادت" سے مراد محض "خدا کی پرستش" ہو تو اس کے لئے اپنی حکومت کا ہونا ضروری نہیں۔ پرستش تو ہر حکومت میں ہو سکتی ہے۔ ہمیں انگریز کی غلامی کے زمانے میں "خدا کی پرستش" کی پوری پوری آزادی حاصل تھی، جیسے آج کل مسلمانوں کو ہندوستان اور دیگر غیر مسلم ممالک میں حاصل ہے۔ لہٰذا "اللہ کی عبادت" سے مفہوم اس کی پرستش نہیں بلکہ اس کے احکام کی محکومیت اختیار کرنا ہے لیعنی قرآنِ حکیم کے مطابق حکومت قائم کرنا ہے۔ یہی ہے مفہوم اس آیت کا جس میں کہا گیا ہے وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ" (۵۱/۵۶) اے رسولؐ! ان سے کہہ دے کہ ہم نے "جن" اور "انس" کو اپنی عبادت کے لئے پیدا کیا ہے۔ یعنی اس لئے پیدا کیا ہے کہ انسان اپنی تمام قوتوں اور صلاحیتوں کو (سرکش و بے باک رکھنے کی بجائے) قوانینِ خداوندی کے قالب میں ڈھال کر منشائے خداوندی کے مطابق صرف کرے جس کا نتیجہ منفعتِ عامہ ہو گا۔ دوسرے الفاظ میں انسان اپنے "اعمالِ صالحہ" سے ایک قرآنی معاشرہ قائم کرے تاکہ اس کی دنیا بھی سنور جائے اور آخرت بھی۔ ظاہر ہے یہ قرآنی معاشرہ، اسلامی مملکت میں ہی قائم ہو سکتا ہے۔ یہی ہمیں کر کے دکھانا ہے۔ جب تک ہم ایسا نہیں کرتے، زندگی کی منزلِ مقصود ہماری نگاہوں سے دور رہے گی۔

اسلامی مملکت کا قیام

جو کچھ میں نے بتانے کی کوشش کی ہے وہ یہ ہے کہ بعثتِ رسولؐ کا مقصد یہ تھا کہ دینِ خداوندی، دیگر ادیان (نظامہائے عالم) پر غالب آ جائے۔ یہ مقصد اس زمانے کے حالات کے مطابق، حضورؐ کے آخری ایام میں، پوری قوت اور غلبہ کے ساتھ پورا ہو گیا تھا۔ اس اعتبار سے بھی دین کی تکمیل ہو گئی تھی اور وحیٔ خداوندی کے اتمام کے متعلق سورۃ الانعام میں کہہ دیا کہ وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَعَدْلًا ۚ لَّا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِهِ (۶/۱۱۶) کلماتِ خداوندی، صدق و عدل کے ساتھ اتمام تک پہنچ گئے۔ اب اس میں نہ کوئی کمی رہ گئی ہے اور نہ ہی کسی قسم کے تغیر و تبدل کی

ضرورت :: آپ کے بعد نبوت ختم ہوگئی۔

اب قرآن حکیم میں پیش کردہ نظام کو تمام نظامہائے عالم پر غالب آنا ہے (۹/۳۳) اور یہ ظاہر ہے کہ ایسا اسلامی مملکت کے ذریعے ممکن ہوگا، جسے امت متشکل کرے گی۔ جب تک ایسا نہیں ہوگا وہ مقصد حاصل نہیں ہوگا جس کیلئے قرآن کو نازل کیا گیا تھا اور رسول اللہ کو بھیجا گیا تھا۔ قرآن حکیم کا یہ دعوے کہ اللہ کا نظام حیات قائم اور غالب ہو کر رہے گا، رسول اللہ کے امتیوں کے ہاتھوں پورا ہوگا یعنی ہمارے ہاتھوں سے۔ ہم رسول اللہ کے امتی ہونے کا دعویٰ تو کرتے ہیں۔ لیکن جس مقصد کے لئے رسول اللہ آئے تھے اس کے حصول کے لئے صدقِ دل سے جدوجہد نہیں کرتے۔ بعثتِ رسولؐ کا مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک ہم وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيعًا وَّلَا تَفَرَّقُوا (۳/۱۰۳) کی صداقت کا عملی مظاہرہ نہیں کرتے۔ یعنی جب تک ہم سب کے سب، بلا استثناء، نظامِ خداوندی کے ساتھ محکم طور پر، وابستہ نہیں ہوتے اور فرقہ پرستی اور پارٹی بازی سے کنارہ کش نہیں ہوتے۔ بعثتِ رسولؐ یا نزولِ قرآن کا مقصد حاصل نہیں کر سکتے۔ اس سمت میں ہمارا پہلا قدم فرقہ پرستی کے خلاف اٹھنا چاہیے۔ ہمارے ہاں جو 'اسلام' رائج ہے، اس نے امت کی وحدت کو پارہ پارہ کر رکھا ہے۔ کیونکہ اس میں مذہبی فرقوں کو پنپنے کی کھلی چھٹی ہے۔ اب تو مذہبی فرقوں کو قانونی اور آئینی تحفظ بھی حاصل ہے (دیکھئے اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دستور کا آرٹیکل نمبر ۲۲۷، الف، وضاحتی نوٹ) اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں ہر ایک مذہبی فرقے کی الگ الگ فقہیں ہوتی ہیں، الگ الگ روایات کے مجموعے ہوتے ہیں گویا ہر مذہبی فرقے کا الگ الگ اسلام ہوتا ہے۔ اس کے برعکس اللہ کے دینِ اسلام میں مختلف فرقوں کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ چونکہ مذہبی فرقے ایک مملکت کے اندر رہتے ہوتے۔ شخصی قوانین کی حد تک ہی سہی۔ الگ الگ ضوابط قوانین کے پابند ہوتے ہیں، اس لئے قرآن حکیم اسے شرک قرار دیتا ہے (۳۰/۳۱-۳۲) اور رسول اللہ سے کہتا ہے کہ ایسا کرنے والوں سے، (یعنی فرقہ پرستوں سے) تیرا کوئی واسطہ نہیں (۶/۱۶۰) اللہ کے دینِ اسلام میں کوئی الگ فقہ نہیں ہوتی۔ اس میں مملکت کا ضابطۂ قوانین ہوتا ہے، جس کا اطلاق ہر ایک پر یکساں ہوتا ہے۔ لیکن ہمارے ہاں کے رائج شدہ 'اسلام' میں ہر ایک مذہبی فرقے کا 'اسلام' علیحدہ علیحدہ ہے جس کا تعین وہ اپنی اپنی فقہوں اور روایتوں کی رُو سے کرتے ہیں۔ یہ اللہ کے عذاب کو دعوت دینا نہیں تو اور کیا ہے؟ ان فرقوں کے علمبرداروں نے دین کو مذہب میں تبدیل کر کے رکھ دیا ہے۔

برصغیر کے مسلمانوں نے پاکستان کا مطالبہ مذہبی فرقوں کے پنپنے کے لئے تو نہیں کیا تھا، بلکہ انہوں نے ایک علیحدہ خطۂ زمین کا مطالبہ اس لئے کیا تھا تاکہ اس میں دینِ اسلام ایک عملی نظامِ حیات کی شکل میں کارفرما ہو سکے۔ یاد رہے ہندوستان میں، اسلام مذہب کی حیثیت میں باقی رہ سکتا تھا، دین کی شکل اختیار نہیں کر سکتا تھا۔ اسے دین کی صورت میں، یعنی ایک نظامِ حیات کی شکل میں متشکل کرنے کے لئے ہم نے ایک آزاد مملکت کے حصول

کا مطالبہ کیا تھا۔ ہمیں چاہیئے تو یہ تھا کہ پاکستان بننے کے بعد اپنے مقصدِ حیات کی تجدید کرتے اور نظامِ خداوندی کو دوبارہ متشکل کر کے اسے دنیا کے تمام نظاموں پر غالب کر کے دکھاتے۔ لیکن حسرت و یاس سے کہنا پڑتا ہے کہ جس مملکت کا خواب اقبالؒ کی چشمِ بینا نے دیکھا اور جس کا تصور قائدِ اعظمؒ کی نگۂ بلند نے دیا۔ حصولِ پاکستان کے بعد بھی اس مملکت کا بدستور انتظار ہے۔

نہ ہے لبوں پہ تبسم، نہ ہے نظر میں پیام
وہ آ گئے ہیں، مگر انتظار باقی ہے

سوچیئے! غور کیجئے! پاکستان اسلامی مملکت کیوں نہ بن سکا، جو اس کے قیام کا مقصد تھا؟ ہم وہ قرآنی معاشرہ کیوں نہ تشکیل دے سکے، جس میں ہر ایک کو اپنی ذات (PERSONALITY) کی نشوونما کے لئے یکساں مواقع ملتے؟ اس کی راہ میں کون رکاوٹ بن کر کھڑا ہے؟

اسلام کے راستے میں رکاوٹ

سوال یہ ہے کہ قرآنی نظام یا اسلامی مملکت کے قیام کے راستے میں کون رکاوٹ بن کر کھڑا ہے؟ جب ہم اس مسئلے کو قرآنِ حکیم کی روشنی میں دیکھتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ رسول اللہؐ کے زمانے میں قرآنی نظام کی مخالفت، مشرکینِ عرب کے علاوہ اہلِ کتاب کے احبار و رہبان (علماء و مشائخ یعنی مذہبی پیشوا) کرتے تھے۔ مشرکین تو مخالفت کا اظہار کھلے بندوں کرتے تھے لیکن مذہبی پیشوا اپنی مخالفت کو مذہب کے مقدس نقاب میں چھپاتے تھے، کیونکہ یہ ان کا معاشی مسئلہ تھا۔ اصل یہ ہے کہ مذہبی پیشوائیت کا نظام سرمایہ داری، سیکولرازم سے بھی زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔ سیکولر نظامِ سرمایہ داری میں، سرمایہ دار کچھ سرمایہ لگا کر دوسروں کی محنت کو غصب کرتا ہے لیکن مذہبی سرمایہ دار ایک پائی کا سرمایہ لگائے بغیر عوام کا استحصال کرتا ہے، وہ اپنے گاڑھے پسینے کی کمائی، مذہبی پیشوائیت کی خدمت میں پیش کرتے ہیں، اور ساتھ ہی ان کے ہاتھ پاؤں چومتے ہیں اور منتیں کرتے ہیں کہ ان کی حقیر سی نذر کو شرفِ قبولیت عطا فرما دیا جائے۔ اس کاروبار کو برقرار رکھنے کے لئے یہ مذہبی پیشوا طرح طرح کے حربے استعمال کرتے ہیں۔ یقین نہ آئے تو کسی پیر کے آستانہ پر جا کر یہ تماشا دیکھئے۔ قرآنِ حکیم نے ان احبار و رہبان (علماء و مشائخ) کی تخریب کاری کو بے نقاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ:-

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ الْاَحْبَارِ وَالرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (۹/۳۴)

"اے جماعتِ مومنین! علماء و مشائخ (مذہبی پیشواؤں) میں سے اکثر کی یہ حالت ہوتی ہے کہ وہ جھوٹ اور فریب سے لوگوں کا مال مفت میں کھا جاتے ہیں۔ ان کا دعویٰ یہ ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ کے راستے کی طرف دعوت دیتے ہیں لیکن درحقیقت ان کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ لوگ اس راستے کی طرف آنے نہ پائیں۔ اس راستے میں سب سے بڑی روک خود ان کا وجود ہے اے رسول! تم ان کے ان علماء و مشائخ کو اور ان کے ساتھ، ان لوگوں کو جو (ان کی خود ساختہ شریعت کی آڑ میں، نظامِ سرمایہ داری کو منشائے خداوندی کے عین مطابق سمجھ کر) سونے چاندی (دولت) کے ڈھیر جمع کرتے رہتے ہیں اور اسے نوعِ انسان کی بہبود کے لئے عام نہیں کرتے، الم انگیز عذاب کی خبر سنا دو"

آپ نے غور فرمایا، قرآن کریم نے احبار و رہبان (علماء و مشائخ یعنی مذہبی پیشوا) کے خلاف دو جرم عائد کئے ہیں۔ ایک یہ کہ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ۔ "وہ جھوٹ و فریب سے لوگوں کا مال مفت کھا جاتے ہیں" اور دوسرا یہ کہ يَصُدُّونَ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ "جن کے متعلق تم سمجھتے ہو کہ اللہ تک لے جانے والے راستے میں تمہارے قائد ہیں۔ درحقیقت اس راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ یہی ہیں۔ جب تک انہیں راستے سے ہٹایا نہیں جائے گا تم اللہ تک پہنچ ہی نہیں سکو گے" دوسرے الفاظ میں جب تک مذہبی پیشوائیت کی رکاوٹ کو دور نہیں کیا جائیگا۔ اللہ کا دین ہمارے معاشرے میں غالب نہیں آسکے گا۔ بالفاظ دیگر جب تک مذہبی پیشوائیت کا وجود باقی ہے، اسلام ہمارے ہاں قدم نہیں رکھ سکتا۔ یہ میں نہیں کہہ رہا ہوں، یہ قرآن کہہ رہا ہے۔ غور کیجئے! سوچئے! اس لعنت سے کیسے ہم چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں۔

قرآن نے کہا ہے کہ انسانیت کو تباہ کرنے کے لئے تین ہی لعنتیں ہیں۔ ملوکیت یا انسانوں کی حکومت (فرعون) نظامِ سرمایہ داری (قارون) اور مذہبی پیشوائیت (ہامان)۔ اس نے ایک ایسا نظام قائم کیا جس میں ان تینوں کا وجود ختم ہو گیا لیکن اس کے بعد جب دین، مذہب میں تبدیل ہو گیا، تو یہ تینوں عذاب، ملت پر مسلط ہو گئے۔ شخصی حکومت اور نظامِ سرمایہ داری کو چھوڑئیے۔ مذہبی پیشوائیت (علماء و مشائخ) نے اپنے پنجے ملت کے جسم میں اس سختی سے گاڑے ہوئے ہیں کہ ہم اس پھندے سے آسانی سے نکل نہیں سکتے۔

مذہبی پیشوائیت کا سارا زور تقلید اور اسلاف پرستی پر ہوتا ہے۔ کیونکہ اس سے انکی اپنی حاکمیت قائم رہتی ہے وہ "اسلاف کے مسلک" کے نام پر اپنی من مانی یہ کہہ کر کرتے ہیں کہ قرآنِ حکیم کے متعلق جو کچھ سوچا سمجھا جانا تھا وہ سب سوچا سمجھا جا چکا ہے۔ اب ہمارا کام فقط یہ ہے کہ جو کچھ ہمیں یہ مذہبی پیشوا کہیں اس کی اندھی تقلید کرتے جائیں خود نہ کچھ سوچیں نہ سمجھیں، اور ہم یہی کر رہے ہیں۔ حالانکہ قرآنِ حکیم نے جو غور و فکر کا حکم دیا تھا تو وہ کسی خاص زمانے کے انسانوں تک محدود نہ تھا۔ وہ تمام زمانوں کے انسانوں کے لئے یکساں حکم تھا۔ اگر ہم غور و فکر نہیں کرتے تو یہ روش قرآنِ حکیم کے واضح حکم کی کھلی ہوئی خلاف ورزی ہے۔

اصل یہ ہے کہ جب قومیں قوتِ عمل سے محروم ہو جاتی ہیں تو وہ اندھی تقلید میں ہی عافیت سمجھتی ہیں۔ غور و فکر بجائے خویش ایک عمل ہے جس میں ذہن کو بڑی محنت اور مشقت کرنا پڑتی ہے۔ پھر غور و فکر سے زندگی کی نئی نئی راہیں سامنے آتی ہیں جنہیں حرکت و عمل ہی سے طے کیا جا سکتا ہے۔ بے عمل قوم اس سے بھی گھبراتی ہے۔ غور و فکر سے بھاگنے کی اصل وجہ تو یہ ہے لیکن انسان کی خوئے بہانہ سازی اسے "سلف صالحین" کا اتباع قرار دے کر جھوٹے اطمینان کا موجب بنا دیتی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کچھ عرصہ کے بعد اس قوم میں سمجھنے سوچنے کی صلاحیت ہی ختم ہو جاتی ہے۔ اور مذہبی پیشوا اسے ڈھور ڈنگر کی طرح جدھر جی چاہے لئے لئے پھرتے ہیں۔ حافظے پر زور ڈالئے! کہیں یہ ہماری حالت تو بیان نہیں ہو رہی!؟

قرآن حکیم تقلید اور اسلاف پرستی کے خلاف سب سے بڑا چیلنج ہے وہ اسے کفر اور شرک قرار دیتا ہے:
($\frac{۲}{۱۷۰ - ۱۷۱}$ $\frac{۵}{۱۰۴}$ $\frac{۳۱}{۲۱ - ۲۲}$ $\frac{۳۴}{۴۳}$ $\frac{۴۳}{۲۱ - ۲۴}$) وہ ایسے افراد اور قوم کے متعلق کہتا ہے کہ وہ انسانیت کی سطح سے گر کر، حیوانی سطح پر زندگی بسر کرتے ہیں اور یہ زندگی جہنم کی زندگی ہوتی ہے۔ اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی۔ سوچئے اس جہنمی زندگی کو جنتی زندگی سے کیسے بدلا جا سکتا ہے؟ اس کا ایک ہی طریقہ ہے اور وہ ہے وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا۔ بقول اقبالؒ:

قرآن میں ہو غوطہ زن اے مردِ مسلماں
اللہ کرے تجھ کو عطا جدّتِ کردار!

اٹھئے! نزولِ قرآن با لبعثتِ رسولؐ کے مقصد کی صداقت پر دل سے ایمان لائیے۔ اس کو اپنا مقصدِ حیات بنائیے! اور اس قرآنی معاشرہ کی تشکیل کے لئے جد و جہد کیجئے جو پاکستان بنانے کا مقصد تھا۔ راستے میں مذہبی پیشوائیت کا پہاڑ کھڑا ہے، اسے مسمار کئے بغیر آپ اپنا مقصد حاصل نہیں کر سکتے۔

مذہبی پیشوائیت کی رکاوٹ کیسے دُور ہو گی!

اس "رکاوٹ" کو دُور کرنے کے لئے ہمیں پہلے اپنے اندر اور پھر افرادِ قوم میں، سورۃ الرّعد کی آیت نمبر ۱۱: "اِنَّ اللّٰہَ لَا یُغَیِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰی یُغَیِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِہِمْ۔ ($\frac{۱۳}{۱۱}$)" کی روشنی میں ایک نفسیاتی تبدیلی پیدا کرنی ہو گی "اللہ کا قانون ہے کہ کسی قوم کے خارجی حالات میں تبدیلی نہیں ہو سکتی۔ جب تک وہ قوم اپنے اندر تبدیلی نہ پیدا کرے، جب تک وہ اپنی ذہنیت نہ بدلے، جب تک اس میں فکری اور ذہنی تبدیلی نہ ہو اس کی حالت نہیں بدل سکتی"۔

یہ نفسیاتی تبدیلی پیدا کرنے کے لئے ہمیں لوگوں کو بتانا ہو گا کہ قرآنِ حکیم کی رُو سے مسلمانوں کا مقصدِ حیات

کیا ہے؟ یہ مقصد جیسا کہ ہم نے دیکھا ہے۔ نظامِ خداوندی کو انسانوں کے خود ساختہ نظاموں پر غالب لانا ہے۔ لیکن یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک ہمارا اپنا معاشرہ مکمل طور پر قرآنی احکام و قوانین کے تابع نہیں آجاتا۔ بالفاظِ دیگر جب تک ہمارے ملکِ عزیز پاکستان میں قرآنِ حکیم کے مطابق حکومت قائم نہیں ہو جاتی۔ ایسی قرآنی حکومت کا قیام اس لئے بھی ضروری ہے کہ دنیا دیکھ لے کہ اللہ کا دین ہی وہ نظامِ زندگی ہے جو انسانیت کے مسائل حل کر سکتا ہے۔ جب ہم اندرونی طور پر متحد اور سیاسی، معاشی اور فوجی لحاظ سے طاقتور ہو نگے تو باہر کی طرف بھی دیکھ سکیں گے۔ اور ظلم اور زیادتی جہاں کہیں بھی ہو، اسے روکنے کے قابل بھی ہو سکیں گے۔

قرآنی نظام کے نفاذ سے مذہبی پیشوائیت کا وجود خود بخود ختم ہو جائے گا، اور یہ سب اس وقت ممکن ہوگا جب تک ہم اپنے اندر یہ نفسیاتی تبدیلی پیدا نہ کریں کہ مروجہ مذہب کو دین میں بدلنا ہوگا۔ یہی وقت کی اہم ضرورت ہے اس نفسیاتی تبدیلی کے لئے استقامت آمیز تبلیغ کی ضرورت ہوگی۔ یعنی قرآنی تعلیم عام کرنی ہوگی۔

قرآنی تعلیم

ہر مسلمان مرد اور ہر مسلمان عورت کا مقصد اور منتہیٰ قرآنی تعلیم کی تبلیغ ہونی چاہیئے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ پہلے قرآنی تعلیم کو خود سمجھیں اور سمجھنے کے بعد دوسروں تک پہنچائیں۔ ہماری اس قرآنی مجلس کا یہی مقصد اور منتہیٰ ہے۔ ظاہر ہے کہ اس مقصد کے حصول کے لئے نہائت صبر و استقامت کے ساتھ ایک طے شدہ پروگرام کے مطابق چلنا ہوگا تاکہ قرآنی مقصدِ حیات کے حصول کے لئے زمین ہموار ہوتی چلی جائے۔

اللہ تعالےٰ نے قرآنِ حکیم کو بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ (۱۴/۵۲) کہا ہے۔ یعنی وہ ذریعہ جس سے انسانیت اپنی منزلِ مقصود تک پہنچ سکتی ہے اور اس کے ہوتے ہوئے اسے کسی اور ذریعہ یا سامان کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ لہٰذا قرآن کیا ہے؟ انسانیت کو اس کی منزلِ مقصود تک پہنچانے کا ذریعہ۔ لیکن یہ انہی کو منزل تک پہنچا سکتا ہے جو اس کی اطاعت اختیار کریں، جو اس کے مطابق زندگی بسر کریں۔ اس لئے کہ اِنَّ فِیْ ھٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِیْنَ۔ (۲۱/۱۰۶) "یہ اس قوم کے لئے "بلاغ" ہے جو قوانینِ خداوندی کی اطاعت اختیار کرے"۔ (بلاغ کے معنی ہیں، کسی چیز کا اتنا کافی ہونا کہ اس کے ذریعے انسان اپنے آخری مقصد تک پہنچ جائے اور اسے کسی اور سامان یا ذریعہ کی ضرورت نہ پڑے۔)

تو دیکھا آپ نے منزلِ مقصود تک پہنچنے کے لئے محکم سہارا کونسا ہے۔

اہم بات:۔ آخر میں اپنی گفتگو کے سب سے اہم گوشے کی طرف آتا ہوں۔ یہ بڑی مبارک بات ہے

کہ آپ قرآنی تعلیم کو صحیح طور پر سمجھنے کا ولولہ اپنے دل میں رکھتے ہیں۔ لیکن قرآنی تعلیم کا سمجھ لینا مقصود بالذات نہیں۔ اسے سمجھا اس لئے جاتا ہے کہ اس پر عمل کیا جائے۔ اگر قرآنِ حکیم کا صحیح مفہوم ہماری سیرت و کردار میں کوئی تبدیلی نہیں کرتا تو یہ ذہنی تفریح سے زیادہ کچھ نہیں۔

خرد نے کہہ بھی دیا لا الٰہ، تو کیا حاصل
دل و نگاہ مسلماں نہیں تو کچھ بھی نہیں!

حرفِ آخر

میری گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ نے حق پر مبنی دین اس لئے بھیجا ہے تاکہ وہ انسانوں کے وضع کردہ تمام نظاموں پر غالب آکر رہے۔ "لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ" ($\frac{9}{33}$)۔ اس سے مراد یہ ہے کہ انسان صرف اور صرف اللہ کے نازل کردہ نظام کے تابع زندگی بسر کرے، قرآن کا دعویٰ ہے کہ ایک دن ایسا ہو کر رہے گا۔ "اللہ اس بات کی نگرانی کرنے کے لئے کافی ہے کہ ایسا ہو کر رہے گا" وَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا ($\frac{48}{28}$) اور جیسا کہ ہم جانتے ہیں ایک دفعہ ایسا ہو بھی چکا ہے۔ تاریخ شاہد ہے کہ عرب میں بسنے والی قوم نے اللہ کے عطا کردہ نظامِ حیات کو اپنایا اور برق رفتاری سے آگے بڑھ گئی۔ اس کے بعد اس قوم نے وحی کی راہنمائی کو چھوڑ دیا۔ اور کاروانِ انسانیت پھر عقل کے تجرباتی طریق کی راہ پر چل پڑا۔ اب اس کی رفتار پھر سست پڑ گئی ہے۔ عقل کے تجرباتی طریق کی رُو سے، ایک صحیح نظریہ تک پہنچنے کے لئے سینکڑوں سالوں کی مسافت طے کرنا پڑتی ہے۔ اس کے برعکس وحیٔ خداوندی انسان کو پہلے ہی دن صحیح نظریاتِ حیات عطا کر دیتی ہے۔ جو جماعت ان نظریاتِ زندگی کی صداقت کو تسلیم کر کے ان کے مطابق عمل پیرا ہو جاتی ہے وہ جلد ہی اپنی منزلِ مقصود کو پا لیتی ہے۔ محمدؐ رسول اللہ والذین معہ، کی مثال ہمارے سامنے ہے۔ ہم پھر اپنی منزلِ مقصود کی طرف رواں دواں ہو سکتے ہیں بشرطیکہ ہم قرآن کا متعین کردہ مقصد ازسرِنو اپنے سامنے رکھ لیں۔ قرآن ہمیں پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ: يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ وَالْكِتَابِ الَّذِي نَزَّلَ عَلَىٰ رَسُولِهِ ..... ($\frac{4}{136}$)۔ یہاں یہ بات بظاہر عجیب سی لگے گی کہ جن لوگوں کو خدا خود "اے ایمان والو!" کہہ کر مخاطب کرتا ہے، انہیں ایمان لانے کے لئے کیوں کہا جا رہا ہے؟ یہ بڑی عظیم حقیقت ہے اور گہرے غور و فکر کی محتاج۔

جو قوم مذہب کی سطح پر اتر آتی ہے، جیسے ہم اتر آئے ہیں، لیکن اپنے آپ کو منسوب اسی دین کی طرف کرتی رہتی ہے۔ قرآن انہیں دیگر مذاہب سے الگ کر کے، ان کے ملی تشخص کو تسلیم کرتا ہے۔ اس نہج سے انہیں "يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا" کہہ کر پکارتا ہے۔ لیکن چونکہ انہوں نے خدا کے مقرر کردہ مقصد کو فراموش کر دیا ہوتا ہے۔

اس لئے ان سے کہتا ہے کہ پھر سے اپنے سامنے اسی مقصد کو رکھ لو جو رسولؐ اللہ والذین معہٗ کا مقصدِ حیات تھا۔ یعنی نزولِ قرآن و بعثتِ رسولؐ کا مقصد۔ ظاہر ہے کہ نزولِ قرآن / بعثتِ رسول کا مقصد، جو اب ہمارا مقصدِ حیات ہے، پاکستان میں قرآنی نظام / اسلامی مملکت کے قیام کے بغیر ممکن نہیں۔ لیکن یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ یہ اسلامی مملکت امت نے، یعنی ہم نے، متشکل کرنی ہے۔ اس لئے ہم اپنی ذمہ داریوں سے بھاگ نہیں سکتے۔ یہ امت کے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ اسلامی مملکت کی تشکیل کے لئے زمین ہموار کرے۔ یعنی قرآنی معاشرے کے قیام کے لئے اپنی اپنی سطح پر کوشش کرے۔ اس سمت میں بڑھنے کے لئے سب سے پہلا کام تو یہ ہونا چاہئیے کہ اپنے آپ کو دینِ خداوندی کے تابع کریں، تاکہ جب ہم اس کی تلقین دوسروں کو کریں تو ہماری آواز میں کچھ اثر ہو۔ قرآنی مقصد کو پہلے خود سمجھیں پھر دوسروں کو سمجھائیں۔ اس کے لئے استقامت آمیز تبلیغ کی ضرورت ہوگی یعنی قرآنی تعلیم کو ایک پروگرام کے تحت عام کرنا ہوگا۔

مذہبی پیشوائیت کا مسئلہ تو ہمیں، قرآن کی ہدایت کے مطابق، مذہبی فرقوں کے پیشواؤں کو اللہ کے قانون کے سپرد کرکے (۶/۱۶۰)۔ قرآنی تعلیم کو عام کرتے چلے جائیے، اور اپنے "اعمالِ صالحہ" سے ان مذہبی فرقوں کے علمبرداروں کو کہہ دیجئے کہ:

قفس ہے بس میں تمہارے، تمہارے بس میں نہیں
چمن میں آتشِ گل کے نکھار کا موسم!

وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ (۱۲/۲۱)

"اللہ اپنی اسکیموں کو کامیاب بنا کر رہتا ہے۔ لیکن اکثر لوگ سمجھتے نہیں کہ ایسا کیوں اور کیسے ہو رہا ہے"

آخر میں میرے ساتھ دعا میں شامل ہوئیے!

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۶۶/۸)

"اے ہمارے رب! ہمارے نورِ بصیرت کو مکمل کر دے اور زندگی کے ہر قسم کے خطرات سے ہمیں محفوظ رکھ۔ بیشک یہاں ہر بات تیرے مقرر کردہ قوانین کے مطابق واقع ہوتی ہے"

ضرورتِ رشتہ

قرآنی گھرانے کی ایک بی۔ اے پاس بہن کے لئے موزوں رشتہ درکار ہے!

ف۔ ا معرفت ادارہ طلوعِ اسلام

نورِ مبین

وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكُمۡ نُوۡرًا مُّبِيۡنًا ۴/۱۷۵

موضوع آپ دیجئے! قرآنی راہنمائی طلوعِ اسلام پیش کرے گا!

ایڈیٹر

آدابِ معاشرت

قرآنِ کریم، کائنات کے دقیق ترین مسائل کے متعلق تصورات، اور انسانی زندگی کے اہم ترین معاملات کے متعلق راہ نمائی دیتا ہے۔ وہ خدا، عالمِ امر، آخرت جیسے مابعدالطبیعاتی مسائل کے متعلق بھی گفتگو کرتا ہے اور سیاسی، معاشی، تمدنی، ملکتی، بین الاقوامی معاملات کے متعلق بھی۔ لیکن اس کے ساتھ ہی وہ روزمرہ کی زندگی کے عام معاملات سے بھی اغماض نہیں برتتا۔ وہ ان کے متعلق بھی ضروری ہدایات دیتا ہے۔ ایک فرد کو کچھ اپنے متعلق کیا کچھ کرنا چاہیئے۔ گھر والوں کے ساتھ کس قسم کے تعلقات رکھنے چاہئیں۔ دوستوں، ہمسایوں، رشتہ داروں، عام ملنے والوں، اپنوں، بیگانوں کے ساتھ کیا برتاؤ کرنا چاہیئے۔ چلنے پھرنے، کھانے پینے، بات چیت کرنے کا انداز کیا ہونا چاہیئے۔ آدابِ محفل کیا ہیں۔ رہنے سہنے کا انداز کیا ہونا چاہیئے۔ اس قسم کی باتیں بظاہر بڑی معمولی سی ہیں، لیکن انسان کی تمدنی اور معاشرتی زندگی کا آغاز اسی قسم کی چھوٹی چھوٹی سی باتوں سے ہوتا ہے۔ اور اس کے کیریکٹر کا صحیح اندازہ انہی گوشوں سے لگ جاتا ہے۔ اس لئے وہ زندگی کے ان عام گوشوں میں بھی حسن انداز اور حسنِ معاملہ کی تاکید کرتا ہے۔ زیرِ نظر عنوان میں

زندگی کے انہی روزمرہ کے معاملات کے سلسلہ میں قرآنی راہ نمائی سامنے لائی جائے گی۔
اس میں آیات کے صرف حوالے دیئے گئے ہیں، آیات درج نہیں کی گئیں قرآن مجید کے نسخے ہر گھر میں موجود ہوتے ہیں قرآنِ کریم کے مختلف نسخوں میں آیات کے شماروں (نمبروں) میں فرق ہوتا ہے۔ اس لئے اگر کوئی آیت، تبویب میں درج شدہ حوالہ کے مطابق نہ مل سکے، تو ایک آدھ آیت پہلے یا بعد میں دیکھ لیں

باہمی میل ملاقات

(۱) جب کوئی تمہیں دعا دے تو تم اسے یا تو اس سے بہتر دعا دو یا کم از کم ویسی ہی دعا دو ۔(۸۶ : ۴)۔
حتیٰ کہ اپنے گھر والوں کو بھی اسی طرح دعا دو ۔(۶۱ : ۲۴)۔ دوسروں کے گھر جاتے وقت بھی ۔(۲۷: ۲۴)
حتیٰ کہ جہلا اور ناواقفوں کو بھی یہی دعا دو۔ (۶۳ : ۲۵) ۔(۵۵ : ۲۸)
اس دعا کے لئے ہمارے ہاں السلام علیکم کے الفاظ کہے جاتے ہیں جس کے معنی یہ ہیں کہ میں تمہاری ہر طرح کی سلامتی کا آرزومند ہوں۔ اس کے جواب میں وعلیکم السلام کے الفاظ سے اس دعا کو لوٹایا جاتا ہے۔

(۲) رسول اللہ سے کہا گیا کہ جب مومنین تمہارے پاس آئیں تو ان سے کہو "سَلَامٌ عَلَيْكُمْ" ۔(۵۴ : ۶)

(۳) اہلِ جنت کا باہمی سلام بھی یہی ہوگا ۔(۴۴ : ۷) ۔(۱۰ : ۱۰) ۔(۲۳ ، ۱۴) ۔(۳۲ : ۱۶) ۔(۷۳ : ۳۹)۔ وہاں ہر طرف سے یہی صدائیں بلند ہوں گی ۔(۲۶ : ۵۶)

(۴) خدا کی طرف سے انبیاء کو سلام کہا گیا ہے ۔(۱۸۱-۱۲۰-۱۰۹-۷۹ : ۳۷)

(۵) جو شخص تمہیں سلام کہے اس کے متعلق تمہارا پہلا ردِعمل یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ مومن نہیں ۔(۹۴ : ۴)
(اس آیت کے یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں کہ جب کوئی تمہاری طرف صلح کا ہاتھ بڑھائے تو تمہارا پہلا ردِعمل یہ نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ امن کا خواہش مند نہیں۔ جس مقام پر یہ آیت آئی ہے وہاں اس کا یہی مفہوم زیادہ موزوں نظر آتا ہے۔)

(۶) مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں ۔(۱۰ : ۴۹) ایک دوسرے کے دوست ہیں ۔(۷۱ : ۹)۔ اگر ان میں کبھی تنازعہ ہو جائے تو ان میں صلح کرا دو۔ اور جو زیادتی کرے اس سے مواخذہ کرو ۔(۹ ، ۴۹)

باہمی بات چیت۔ اندازِ گفتگو

(۱) ہمیشہ صاف، واضح اور سیدھی بات کرو جس میں کوئی پیچیدگی نہ ہو۔ ذومعنی نہ ہو ـــ (۷۰ : ۳۳)
(۲) ایسی زبان بولو جو معاشرہ میں شرفا کی زبان تسلیم کی جاتی ہو ـــ (۵ : ۴)
(۳) نہایت خوبصورت انداز سے، توازن کو برقرار رکھتے ہوئے باتیں کرو ـــ (۵۳ : ۱۷)ـــ (۸۳ : ۲)
(۴) چیخ چیخ کر باتیں مت کرو ـــ (۱۹ : ۳۱)
(۵) گفتگو میں عدل و انصاف کو ملحوظ رکھو ـــ (۱۵۳ : ۶)
(۶) تصنع، بناوٹ، فریب کاری کی باتیں مت کرو ـــ (۳۰ : ۲۲)
(۷) جھوٹ کو سچ کا لباس مت پہناؤ۔ غلط اور صحیح کو خلط ملط مت کرو حق بات کو چھپاؤ نہیں۔

(۴۲ : ۲)

لغویت۔ بے حیائی کی باتیں

(۱) ہر لغو بات اور بیہودہ کام سے پرہیز کرو۔ ـــ (۱۵۳ : ۶)ـــ (۳ : ۲۳)
(۲) لغو باتیں سنو بھی نہیں ـــ (۵۵ : ۲۸)
(۳) کہیں اتفاق سے لغویت کا آمنا سامنا ہو جائے تو وہاں سے شریفانہ انداز سے پہلو تہی کر کے آگے بڑھ جاؤ ـــ (۷۲ : ۲۵)
(۴) جنتی زندگی میں لغویت کا گذر نہیں ہوگا ـــ (۶۲ : ۱۹)ـــ (۲۳ : ۵۲)ـــ (۲۵ : ۵۶)ـــ (۳۵ : ۷۸)

فواحش

فحش اور فحشاء کی تفصیل کے لئے عنوان "فحش" دیکھئے۔ اس مقام پر ان آیات کے حوالے دیئے جاتے ہیں جن میں عام بے حیائی کی باتوں سے منع کیا گیا ہے۔

(۱) فواحش (بے حیائی کی باتوں) کے قریب بھی نہ جاؤ خواہ وہ کھلی ہوئی ہوں یا پوشیدہ ـــ (۱۵۱ : ۶)۔ خدا نے اسے حرام قرار دیا ہے (۳۳ : ۷)۔ مومن ایسی باتوں سے مجتنب رہتے ہیں ـــ (۳۷ : ۴۲) (۳۲ : ۵۳)

(۲) اگر کبھی غیر ارادی طور پر اس قسم کی بات ہو جائے تو اس سے فوراً تائب ہو جانا چاہیئے ۔۔۔ (۳:۱۳۴)
(۳) معاشرہ میں فحش باتوں کو مت پھیلاؤ ۔۔۔ (۱۹:۲۴)۔ اس میں فحش قسم کا لٹریچر، ڈرامے سینما، ٹی۔ وی وغیرہ جن سے بے حیائی پھیل جانے کا اندیشہ ہو سب آجاتے ہیں۔

چلنا پھرنا

(۱) اوچھوں کی طرح تکبر سے اکڑ کر مت چلو ۔۔۔ (۳۷:۱۷) ۔۔۔ (۱۸:۳۱)۔ اپنی رفتار میں میانہ روی اختیار کرو ۔۔۔ (۶۳:۲۵) ۔۔۔ (۱۹:۳۱)
(۲) عورتوں کو بھی اپنی رفتار میں حیا کا پہلو مدنظر رکھنا چاہیئے ۔۔۔ (۲۵:۲۸)
(۳) راستہ چلتے وقت، دیدے پھاڑ پھاڑ کر ادھر ادھر نہ دیکھتے پھرو۔ شریفوں کی طرح اپنی نگاہوں کو قابو میں رکھو۔ انہیں بے باک نہ ہونے دو۔ مرد بھی ایسا کریں اور عورتیں بھی ۔۔۔ (۳۱-۳۰:۲۴)
(۴) خیانت نگاہوں سے بھی ہوا کرتی ہے۔ اس سے مجتنب رہو ۔۔۔ (۱۹:۴۰)

بات کی تحقیق کرنا

(۱) جب تک کسی بات کی خود تحقیق نہ کر لو اس کے پیچھے مت لگو ۔۔۔ (۳۶:۱۷)
(۲) دوسروں کے متعلق ہمیشہ حسن ظن سے کام لو ۔۔۔ (۱۲:۲۴) ۔۔۔ (۱۲:۴۹)
(۳) جب کسی کے خلاف کوئی بات سنو تو تمہارا پہلا ردعمل یہ ہونا چاہیئے کہ نہیں۔ یہ اسکے خلاف بہتان ہے۔ پھر اس کی بابت تحقیق کرو۔ اور اس سے پہلے اس بات کو دوسروں تک مت پھیلاؤ۔ اس کے یہ معنی بھی ہیں کہ ملزم کو اس وقت تک بے گناہ سمجھو جب تک اس کیخلاف جرم ثابت نہ ہو جائے ۔۔۔ (۱۶-۱۵-۱۲ : ۲۴)
(۴) جب کوئی شرارتی کسی قسم کی افواہ پھیلائے تو، قبل اس کے کہ اسے تم آگے پھیلاؤ۔ اس کی بابت پوری پوری تحقیق کر لو ۔۔۔ (۶:۴۹) اس کی اطلاع ذمہ دار حکام کو .... کر دو تاکہ وہ اس کی بابت تحقیق کر لیں ۔۔۔ (۸۳:۴)
(۵) مظلوم کے سوا کسی کو حق نہیں کہ کسی کے خلاف یونہی بُری باتیں کرتا پھرے ۔۔۔ (۱۴۸:۴)

(۵) دوسروں کے معاملات میں یونہی بیکار ٹوہ نہیں لگتے رہنا چاہیئے ـــــ (۱۲ : ۴۹)

تہمت لگانا

(۱) کسی کے خلاف تہمت نہ لگاؤ ـــــ (۲۳ : ۴۲)۔ پاکباز عورتوں کے خلاف ناحق تہمت لگانا قانوناً جرم بھی ہے۔ عدمِ ثبوت کی صورت میں اس کی سزا اسّی کوڑے ہے ـــ (۲۴ : ۴)ـــ(۳۳ : ۵۸)

(۲) خود جرم کا مرتکب ہونا اور اس کا بہتان دوسروں پر لگا دینا سخت جرم ہے ـــ (۴ : ۱۱۲)

شریف زادیوں کو تنگ کرنا

یہ سنگین جرم ہے، معاشرہ کو اس کے خلاف سخت کاروائی کرنی چاہیئے ـــــ (۶۰ ، ۵۹ : ۳۳)

غیبت، الزام تراشی، حسد وغیرہ

(۱) ایک دوسرے کی غیبت مت کرو۔ یہ نہایت ناپسندیدہ بات ہے ـــــ (۱۲ : ۴۹)
غیبت کے معنی ہیں کسی کے متعلق اس کی عدم موجودگی میں ایسی بات کہنا جسے تم اس کے سامنے بیان کرنا پسند نہ کرو۔

(۲) ایک دوسرے کا تمسخر مت اڑاؤ ـــ (۱۱ : ۴۹)۔ تمسخر میں ہر وہ بات آجائے گی جس سے دوسرے کی ذلت ہوتی ہو۔
کفار، مومنین کا تمسخر اڑایا کرتے تھے ـــــ (۲ : ۲۱۲)ـــ (۹ : ۷۹)
دین سے تمسخر اور استہزاء کرنے والوں سے الگ ہو جاؤ ـــ (۶ : ۷۰)۔ انکی مجلسوں میں بھی نہ بیٹھو ـــ (۴ : ۱۴۰)

(۳) ایک دوسرے کے خلاف الزام تراشی مت کرو ـــ (۱۱ : ۴۹)

(۴) ایک دوسرے کے بُرے بُرے نام مت رکھو ـــــ (۱۱ : ۴۹)

(۵) کسی سے حسد نہ کرو۔ حسد سے مراد ہے کسی کو اچھے حال میں دیکھ کر یونہی جلتے بھنتے رہنا۔ تم کوشش کرو کہ تم بھی، محنت کر کے اس جیسی پوزیشن حاصل کر لو۔ لیکن حسد تو ایک نفسیاتی بیماری ہے جو احساسِ کمتری سے پیدا ہوتی ہے ـــ (۴ : ۵۴)۔ ایسے لوگ بڑے نقصان رساں ہوتے ہیں۔ ان سے اپنے آپ کو محفوظ

رکھنا چاہیے۔ (۵:۱۱۳)

غصہ۔ انتقام

قرآن کریم، انسان کو نہایت متوازن زندگی بسر کرنا سکھاتا ہے۔ لہذا، ہر وہ چیز جس سے انسان اپنا عقلی توازن کھو بیٹھے، مومن کی روش کے خلاف ہوگی۔ خارجی طور پر ان میں منشیات (نشہ آور چیزیں) شامل ہیں اور داخلی طور پر، تعصب، تنگ نظری، حسد، کینہ وغیرہ۔ ان نفسیاتی امراض میں غصہ سب سے زیادہ مہلک ہے کیونکہ اس میں انسان، فوری طور پر، پاگل ہو جاتا ہے۔ جنون (دیوانہ پن) اور مغضوب الغضب ہونے میں فرق یہ ہے کہ مغضوب الغضب انسان عارضی طور پر پاگل ہوتا ہے اور دیوانہ مستقل طور پر یا لمبے عرصہ کے لئے پاگل۔ لہذا، قرآن کی رُو سے مغضوب الغضب ہو جانا مومنین کا شعار نہیں۔ عام طور پر اس کا علاج یہ بتایا جاتا ہے کہ انسان کو چاہیئے کہ وہ غصہ کو دبا لے۔ چنانچہ قرآن مجید کی آیت والکاظمین الغیظ (۳:۱۳۳) کا ترجمہ کیا جاتا ہے۔ "غصہ کو دبانے والے"۔ یہ صحیح نہیں۔ مرض کو دبا دینے (SUPPRESSION) یا (REPPRESSION) سے نفسیاتی امراض کا ازالہ نہیں ہوتا۔ اس سے اور پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ کظامت کے معنی بڑے غور طلب ہیں۔ عربوں کے ہاں پانی کی بڑی قلت ہوتی تھی۔ اگر کہیں ان کے ہاں کنوئیں سے پانی نکل بھی آتا تھا تو گرمیوں کے موسم میں اس کے پانی کی سطح بہت نیچے چلی جاتی تھی۔ اس دِقت کو رفع کرنے کے لئے وہ دو چار کنوئیں پاس پاس کھود دیتے تھے اور انہیں زمین دوز نالیوں کے ذریعے ایک دوسرے کے ساتھ ملا دیتے تھے۔ اس سے ہوتا یہ تھا کہ اگر ان میں سے کسی ایک کنوئیں میں پانی کم ہو جاتا تھا تو جس کنوئیں میں پانی زیادہ ہوتا تھا اُس کا پانی اس طرف آجاتا تھا۔ اور اس طرح سب کنوؤں کے پانی کی سطح ہموار رہتی تھی۔ ان کا توازن برقرار رہتا تھا۔ اس عمل کو عربوں کے ہاں کظامت کہتے تھے۔ یعنی زاید چیز کو دوسری طرف منتقل کر دینا۔ یہیں سے لفظ کاظمین ہے۔

عصرِ حاضر میں سائیکالوجی (علم النفس) بتاتی ہے کہ جب اعصابی توازن بگڑ جائے تو اس کا علاج یہ ہے کہ جس زاید قوت سے وہ توازن بگڑا ہے اسے کسی دوسری طرف منتقل کر دیا جائے۔ اسے ان کی اصطلاح میں (SUBLIMATION) کہتے ہیں۔ یعنی اس زاید قوت کو پست سطح سے ابھار کر بلند سطح پر لے جانا تاکہ اس سے کوئی مفید کام لیا جا سکے۔ قرآنِ کریم غصہ کا علاج کظامت (SUBLIMATION) بتاتا

ہے۔ یعنی اس بڑھی ہوئی حدت کو کسی دوسری طرف منتقل کر دو تاکہ اس سے مفید کام لئے جا سکیں۔ یہ ہے والکاظمین الغیظ سے مراد۔

یہ بڑھی ہوئی حدت جب دوسری طرف منتقل کی جاتی ہے تو اس سے کیا ہوتا ہے؟ اس سے انسان میں کشادہ نگہی اور وسعتِ قلب پیدا ہو جاتی ہے۔ وہ فریقِ مخالف سے درگذر کرتا ہے۔ والعافین عن الناس۔ (۳ : ۱۳۳) "درگذر کرنا" تو پھر بھی ایک منفی عمل ہے، وہ اس سے بھی آگے بڑھتا ہے اور فریقِ مقابل کو اس کی غلطی کے نقصان رساں نتائج سے محفوظ رکھنے کا انتظام کرتا ہے۔ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ۔ (۴۲ : ۳۷) یہ سامانِ حفاظت کس طرح بہم پہنچایا جاتا ہے! اس شخص کی اصلاح سے۔

لیکن اصلاح اس کی ہو سکتی ہے جسے اپنی غلطی کا احساس ہو۔ جو اپنے کئے پر نادم ہو اور اپنی اصلاح پر آمادہ۔ (۶ : ۵۴) لیکن جو شخص جان بوجھ کر دوسروں کو ستائے، اور اسے معاف کر دینے سے، بجائے اس کے کہ اس کی اصلاح ہو، وہ اس سے الٹا ناجائز فائدہ اٹھا کر اپنی غلط روش میں اور آگے بڑھتا چلا جائے تو اسے اس کے کئے کی سزا دینا ضروری ہو جاتا ہے۔ لیکن یہ سزا اس کے جرم کی نسبت سے ہونی چاہیئے۔ (۴۲ : ۳۹) اس سے زیادہ نہیں۔ (۴۲ : ۴۰-۴۳)۔ کیونکہ مقصد اس طریق سے بھی اس کی اصلاح اور معاشرہ کی حفاظت ہے، نہ کہ انتقام جوئی۔ "انتقام" قرآن کی رُو سے، قوانینِ خداوندی کے مطابق جرم کی پاداش کا نام ہے، نہ کہ انسان کے ذاتی جذبات کی تسکین کا نام۔ یہی وجہ ہے کہ "انتقام لینے" کا حق صرف "خدا" کو حاصل ہے کسی انسان کو نہیں۔ قرآن کریم میں صرف خدا کو "انتقام لینے والا" کہا گیا ہے، انسانوں کو نہیں۔

عام آدابِ تمدن

(۱)۔ بغیر اجازت کسی کے گھر نہ جاؤ۔ (۲۴ : ۲۷)

(۲)۔ اگر اس گھر میں کوئی نہ ہو تو گھر کے اندر داخل مت ہو۔ اور اگر اہلِ خانہ اس وقت معذرت کر دیں تو بُرا مت مناؤ اور واپس چلے آؤ۔ (۲۴ : ۲۸)

(۳)۔ اگر کسی جگہ تمہارا سامان وغیرہ پڑا ہوا ور وہاں کوئی رہتا نہ ہو تو اس میں داخل ہونے کیلئے کسی کی اجازت کی ضرورت نہیں۔ (۲۴ : ۲۹)

(۴) اگر محفل میں کہا جائے کہ ذرا جگہ کھول دو تو جگہ کھول دیا کرو۔ اور جب کہا جائے کہ محفل برخاست ہوتی ہے تو تم اُٹھ کر چلے آؤ۔ (۵۸:۱۱)
(۵) مجلس میں ناشائستہ حرکات مت کرو۔ (۲۹:۲۹)
(۶) اگر تمہیں کسی کام کے لئے بلایا جائے تو اجازت لئے بغیر وہاں سے یونہی نہ چلے آؤ۔ (۲۴:۶۲)
(۷) اگر کوئی کھانے کے لئے مدعو کرے تو قبل از وقت نہ جا پہنچو۔ وقت پر جاؤ۔ اور جب کھانے سے فارغ ہو جاؤ تو باتیں کرنے کے لئے مت بیٹھے رہو۔ واپس چلے جاؤ۔ (۳۳:۵۳)
(۸) دوسروں کے ہاں سے کوئی چیز مانگنی ہو تو باہر کھڑے ہو کر آواز دو۔ بلا محابا اندر نہ گھس جاؤ۔ (۳۳:۵۳)

صحت اور صفائی

(۱) علم اور جسمانی توانائی دونوں ضروری ہیں۔ (۲:۲۴۷)
(۲) مریض ہو جاؤ تو خدا نے صحت کے لئے جو قوانین بنائے ہیں ان کے مطابق علاج کرو۔
(۲۶:۸۰)←(۱۶:۶۹)
(۳) صحت کے لئے صفائی نہایت ضروری ہے۔ (۹:۱۰۸)۔ [اس آیت میں مطہرین میں جسمانی صفائی، اور قلب و دماغ کی تطہیر دونوں شامل ہیں۔]
(۴) غسلِ جنابت، استنجا، وضو۔ (۴:۴۳)۔(۵:۶)

لباس۔ زیب و زینت

(۱) زیب و زینت کی چیزیں حلال ہیں۔ انہیں کوئی حرام نہیں قرار دے سکتا۔ (۷:۳۲)
(۲) لباس، ستر پوشی کا ذریعہ بھی ہے اور زینت کا موجب بھی۔ (۷:۲۶)

کھانا پینا

(۱) کون کون سی چیزیں حرام ہیں۔ (۲:۱۷۳)، (تفصیل "حرام و حلال" کے عنوان میں دیکھئے)۔
(۲) حلال چیزوں میں سے وہ کھاؤ جو خوشگوار ہوں یعنی طبیعت کو اچھی لگیں اور صحت کیلئے مفید

ہوں ـــــ (۱۶۸ : ۲)

(۳) کھانے پینے میں اسراف مت کرو۔ اعتدال کے ساتھ کھاؤ ـــ (۳۱ : ۷) ـــ (۲۶ : ۱۷)

(۴) خواہ مل کر کھاؤ، خواہ الگ الگ ـــــ (۶۱ : ۲۴)

(۵) کون کونسے گھروں سے بلا تکلف کھا پی لینا چاہیئے ـــــ (۶۱ : ۲۴)

خرچ اخراجات

(۱) حصولِ رزق کے لئے جدوجہد کرو ـــــ (۱۷ : ۲۹)

(۲) جائز طریقے سے رزق حاصل کرو ـــــ (۱۸۸ : ۲)

(۳) اخراجات میں میانہ روی اختیار کرو۔ نہ اسراف کرو نہ تبذیر۔ اور نہ ہی بخیل بن جاؤ۔

(۶ : ۱۴۱) ـــ (۱۷ : ۲۶-۲۷) ـــ (۱۷ : ۲۹) ـــ (۲۵ : ۶۷)

گھر کی زندگی۔ متعلّقین کے ساتھ برتاؤ

(۱) بزرگِ خاندان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے اہل و عیال کو ہر قسم کے غلط اقدامات سے باز رکھے۔ قرآنِ کریم کے الفاظ یہ ہے کہ تم اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو (جہنم کی) آگ سے بچاؤ ـــ (۶۶ : ۶) یہ بڑی جامع تلقین ہے جس میں اہل و عیال کی ہر قسم کی تعلیم و تربیت آجاتی ہے۔ دوسری جگہ ہے کہ حقیقی نقصان میں وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو قیامت کے دن گھاٹے میں رکھا ـــ (۱۵ : ۳۹) ـــ (۴۵ : ۲۴)۔ لہٰذا بزرگِ خاندان کی ذمہ داری یہی نہیں کہ وہ اپنے اہل و عیال کی کفالت کرے۔ اس کی یہ ذمہ داری بھی ہے کہ وہ انہیں غلط راہوں پر چلنے سے بچائے۔

لفظ " اھل " بیوی بچوں تک ہی محدود نہیں۔ اس میں "ساتھی" بھی شامل ہوتے ہیں۔

۲۔ **میاں بیوی کے تعلقات** ـــ ۱۔ میاں بیوی کے تعلقات مودّت، رحمت اور سکینت کے ہونے چاہئیں ـــ (۲۱ : ۳۰)۔ سارے گھر والوں (میاں، بیوی، اولاد) کے باہمی تعلقات اس قسم کے ہونے چاہئیں کہ ان سے ہر ایک کی آنکھوں میں ٹھنڈک آجائے ـــ (۷۴ : ۲۵)

۲۔ تقسیم کار کی رو سے اہل و عیال کی کفالت کی ذمہ داری مرد پر عاید ہوتی ہے ــــ (۴ : ۳۴)

۳۔ اولاد اولاد کی پرورش، تعلیم، تربیت کا صحیح انتظام نہ کرنا، انہیں قتل کر دینے کے مرادف ہے۔ ایسا ہرگز نہیں کرنا چاہیئے ــــ (۶ : ۱۴۱)، (۱۷ : ۳۱)، [واضح رہے کہ عربی زبان میں "قتل" کے معنی مار ڈالنے ہی کے نہیں۔ اس کے معنی کسی کو ذلیل و خوار کرنے کے بھی ہوتے ہیں]

۲۔ قرآن کی رو سے لڑکے اور لڑکی میں کوئی فرق نہیں۔ اس لئے پرورش، تعلیم، تربیت کے سلسلہ میں ان دونوں میں کوئی فرق نہیں کرنا چاہیئے۔ (تفصیل اس کی "عورت" کے عنوان میں ملے گی۔)

۳۔ لیکن اہل و عیال کی کفالت کے سلسلہ میں، نہ ناجائز کمائی کرنی چاہیئے، نہ ہی ان کی خاطر کسی قسم کا غلط قدم اٹھانا چاہیئے۔ اگر ایسا کیا جائے تو اس قسم کے اہل و عیال کو جن کی خاطر غلط قدم اٹھانا پڑا، قرآن نے دشمن قرار دیا ہے ــــ (۶۴ : ۱۴)، اور فتنہ ــــ (۸ : ۲۸)

۴۔ والدین ۱۔ والدین کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا چاہیئے ــــ (۶ : ۱۵۲)

۲۔ بڑھاپے میں انسان کے اعصاب وغیرہ کمزور ہو جاتے ہیں ــــ (۳۶ : ۶۸)۔ حافظہ بھی کمزور ہو جاتا ہے ــــ (۱۶ : ۷۰)، (۲۲ : ۵)۔ اس لئے وہ بہکی بہکی باتیں کرنے لگ جاتے ہیں۔ اس پر انہیں ڈانٹ ڈپٹ نہیں کرنی چاہیئے۔ بلکہ ان سے نرمی سے گفتگو کرنی چاہیئے ــــ (۱۷ : ۲۳-۲۴)

واضح رہے کہ جب تک بچہ چھوٹا ہو، اسے ماں باپ کی ہدایات کے مطابق چلنا چاہیئے۔ لیکن جب وہ اپنے معاملات آپ سنبھالنے کے قابل ہو جائے تو اسے اپنے معاملات کے فیصلے آپ کرنے چاہئیں۔ یہ جو ہمارے ہاں عام خیال پایا جاتا ہے کہ "ماں باپ کی اطاعت فرض ہے" یہ قرآن کا حکم نہیں۔

۵۔ رشتہ دار رشتہ داروں سے بھی حسن سلوک سے پیش آنا چاہیئے ــــ (۲ : ۸۳) اور ان میں سے جو ضرورت مند ہوں، حتی المقدور ان کی مالی امداد بھی کرنی چاہیئے ــــ (۲ : ۱۷۷)

۶۔ ملازمین اور ماتحت اپنے ملازموں اور ماتحتوں کے ساتھ بھی حسنِ سلوک سے پیش آنا چاہیئے۔ (۴ : ۳۶)

۲۔ کارندہ، تنومند و توانا بھی ہونا چاہیئے اور امانت دار بھی ــــ (۲۸ : ۲۶)

۷۔ ہمسایہ ہمسایوں سے بھی حسنِ سلوک سے پیش آنا چاہیئے۔ خواہ وہ رشتہ دار ہوں اور خواہ بیگانے ــــ (۳۶ : ۴)

۸۔ دوست دوستوں کے ساتھ بھی حسنِ سلوک سے پیش آنا چاہیئے ــــ (۳۶ : ۴)
واضح رہے کہ جو لوگ قرآنی نظریۂ حیات کو تسلیم نہ کرتے ہوں (غیر مسلم ہوں) انہیں اپنا دوست نہیں بنایا جاسکتا ــــ (۲۷ : ۳)، خواہ وہ ماں باپ، یا بہن بھائی ہی کیوں نہ ہوں ــــ (۲۳ : ۹)

۹۔ یتیم ہر وہ شخص جو معاشرہ میں تنہا رہ جائے۔ یتیم کی اصطلاح میں آجاتا ہے۔ ایسے لوگوں کی نہ صرف مدد کرنی چاہیئے، بلکہ ان کی عزت بھی کرنی چاہیئے ــــ (۱۷ : ۸۹)۔ انہیں دھتکارنا نہیں چاہیئے۔ (۹ : ۹۳)

۲۔ یتیموں کے مال کی حفاظت کرنی چاہیئے ــــ (۱۵۲ : ۶)

۱۰۔ حاجتمند۔ مساکین۔ سائل حاجتمندوں کے ساتھ حسنِ سلوک سے پیش آنا چاہیئے ــــ (۸۳ : ۲)۔ انہیں دھتکارنا نہیں چاہیئے ــــ (۱۰ : ۹۳)۔ تمہاری دولت میں ان کا حق ہے ــــ (۱۹ : ۵۱)

۲۔ لیکن سائل سے مراد، پیشہ ور گداگر نہیں، غیور ضرورتمند ہیں ــــ (۲۷۳ : ۲)

۳۔ لیکن کسی کی مدد کرکے، اس کے سر احسان نہیں دھرنا چاہیئے ــــ (۲۶۴ : ۲)۔ اس سے تو اچھا ہے کہ اسے نرمی سے بطریقِ احسن جواب دے دو ــــ (۲۶۳ : ۲)

۱۱۔ مسافر ضرورت مند مسافر سے بھی حسنِ سلوک سے پیش آنا چاہیئے۔ (۳۶ : ۴)
عندالضرورت ان کی مدد کرنی چاہیئے ــــ (۲۶ : ۱۷)

[واضح رہے کہ انفرادی خیرات (مالی امداد) قرض وغیرہ کے احکام، اس زمانہ سے متعلق ہیں جب

ہنوز اسلامی مملکت قائم نہ ہوئی ہو۔ اسلامی مملکت کے قیام کے بعد، یہ مملکت کی ذمہ داری ہو جاتی ہے کہ وہ ہر ضرورتمند کی ضروریات پوری کرے۔ تفصیل اس کی "اسلامی نظام" یا "معاشی نظام" میں ملیگی)۔

قرض

(۱) ضرورت مندوں کی امداد کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ انہیں قرض دیا جائے۔ ربٰو (سود) تو قرآن کی رُو سے حرام ہے اس لئے قرض بلا سود ہی دیا جائے گا۔ قرض (لین دین) کا معاملہ ہمیشہ ضبطِ تحریر میں لے آنا چاہیئے۔ (۲ : ۲۸۲) اگر معاملہ تحریر میں نہ لایا جا سکے تو مقروض کی کوئی چیز بطور امانت اپنے پاس رکھ لینی چاہیئے۔ اسے رہن کہا جاتا ہے۔۔۔ (۲ : ۲۸۳)

(۲) قرض کی ادائیگی کے لئے جو وعدہ کیا جائے اسے پورا کرنا چاہیئے۔ لیکن اگر مقروض کی پوزیشن ایسی نہ ہو کہ وہ وقت پر قرض ادا کر سکے تو اسے مہلت دیدینی چاہیئے۔۔۔ (۲ : ۲۸۰)۔ اور اگر وہ ادائیگی کے بالکل قابل نہ رہے تو قرض معاف کر دینا چاہیئے۔۔۔ (۲ : ۲۸۰)

ایفائے عہد

(۱) جو وعدہ کرو اسے پورا کرو۔۔۔ (۱۷ : ۳۴)۔ انفرادی وعدہ بھی اور اجتماعی معاہدات بھی۔۔۔ (۵ : ۱)

امانت

کسی کو امانت کو احتیاط سے واپس کر دینا چاہیئے۔۔۔ (۴:۵۸)

باہمی مشورہ۔ تعاون۔ میل جول

(۱) معاملات باہمی مشورہ سے طے کرنے چاہئیں۔۔۔ (۴۲ : ۳۸)۔ اس کے لئے خفیہ بات چیت بھی کی جا سکتی ہے بشرطیکہ وہ اچھے کاموں کے لئے ہو۔۔۔ (۵۸ : ۹)

(۲) اچھی باتوں میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کرنا چاہیئے۔۔۔ (۵:۲)۔ غلط کام میں کسی کے ساتھ تعاون نہیں کرنا چاہیئے۔۔۔ (۵ : ۲)

(۳) باہمی میل جول رکھنا چاہیئے۔ لوگوں سے ترش روئی سے پیش نہیں آنا چاہیئے ـــــ (۱۸ : ۳۱)

غیر مسلموں کے ساتھ برتاؤ

(۱) حسنِ معاملات ہر انسان سے (بلا امتیاز اس امر کے کہ وہ مسلمان ہے یا غیر مسلم) یکساں طور پر رکھنے چاہئیں۔ غیر مسلموں کے (باطل) معبودوں کے حق میں گستاخی نہیں کرنی چاہیئے ـــ (۱۰۹ : ۶)۔ ان کی پرستش گاہوں کی حفاظت کرنی چاہیئے ـــ (۴۰ : ۲۲)

(۲) چونکہ قرآن نے بتایا ہے کہ خدا نے ہر قوم میں رسول بھیجے تھے اس لئے غیر مسلموں کے بانیانِ مذہب کی عزت کرنی چاہیئے ـــ (۸۳ : ۳) ـــ (۴ : ۱۶۴) ـــ (۳۶ : ۱۶)۔ لیکن اسے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ ان لوگوں کے پاس خدا کی طرف سے بھیجا ہوا دین اپنی اصل شکل میں کہیں موجود نہیں۔ وہ صرف قرآن کریم کے اندر محفوظ ہے۔ اس لئے اب صحیح اور سچا دین صرف اسلام ہے جس کا ضابطہ قرآن ہے۔

(۳) دین کے معاملہ میں کوئی جبر نہیں ـــ (۲۵۶ : ۲) ـــ (۹۹ : ۱۰) ـــ (۱۸ : ۲۹)

(۴) دوسروں تک حق کی بات ہمیشہ بطریقِ احسن پہنچاؤ ـــ (۱۶ : ۱۲۵)۔ اگر کسی سے بحث کرو تو بھی حسن کارانہ انداز سے کرو ـــ (۱۶ : ۱۲۵)

اصلاحِ خویش

(۱) دوسروں کو نصیحت کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی اصلاح کی بھی فکر کرو ـــ (۴۴ : ۲)
جو کہو اس پر (اپنی استطاعت کے مطابق) خود بھی عمل کرو ـــــ (۲ : ۶۱)

(۲) یونہی اپنے آپ کو مقدس نہ بتاتے پھرو ـــ (۳۲ : ۵۳)
کبھی منافقت نہ برتو ـــ (۱۶۶ : ۳)

(۳) اگر کوئی تم سے اچھی بات کہے تو اسے یہ جواب نہ دو کہ پہلے تم خود اس پر عمل کرو۔ پھر مجھ سے کہو۔ اگر وہ بات اچھی ہے تو تم اس پر عمل کرو۔ اگر دوسرا اس پر عمل نہیں کرتا تو اس کا خمیازہ وہ خود بھگتے گا ـــــ (۵ : ۱۰۵)

ـــــ (۰) ـــــ

پرویزؒ صاحب کی معرکہ آرا کتاب "تبویب القرآن" سے ماخوذ

جمیلہ خاتون

عورت کا قرآن

"مشرق" عنقریب ہی ایک نئی کروٹ لینے والا ہے اور اس میں اکثریت مسلمانوں کی ہے اور مسلمانوں میں "عورت" کی تعداد زیادہ ہے۔ نیز دنیا ہر لمحہ، ترقی کے زینے طے کر رہی ہے۔ ملوکیت، پیشوائیت، سرمایہ پرستی، نسلی امتیازات طبقاتی تقسیم اور جغرافیائی امتیازات کی بندشیں ٹوٹ رہی ہیں، اس لئے لامحالہ مسلمان عورتوں کے سامنے بھی بہت سے مسائل آئیں گے اور انہیں اپنے ان حقوق کے قرار واقعی جاننے اور حاصل کرنے کی سعی و کوشش کرنا ہوگی، جو انہیں "قرآنِ مجید" نے عطا کئے ہیں۔ چنانچہ اس کی داغ بیل پڑ گئی ہے۔ ۱۹۴۸ء میں مصر میں "بنت النیل" کے نام سے اور ۱۹۵۱ء میں "بنت الپاکستان" کے عنوان سے پاکستان میں انجمنیں قائم ہو چکی ہیں اور تحریکیں چل رہی ہیں۔ ان انجمنوں کے اغراض و مقاصد بتائے جو بھی جائیں۔ مگر مدعا یہ ہے کہ "مسلمان عورت" پر جو مختلف قسم کی غیر انسانی اور غیر قرآنی پابندیاں اور قید و بند لگا رکھی گئی ہیں ان کو مطلقاً توڑ دیا جائے۔ بالفاظِ دیگر کوشش یہ ہے کہ "مردوں" کے ناروا مظالم سے چھٹکارا حاصل کیا جائے یہ ردِ عمل ہے اس کا کہ اگرچہ "اسلام" یا "قرآنِ مجید" نے اپنے امتیازی نصب العین اور خصوصی نظام کے پیشِ نظر ہیئتِ اجتماعیہ میں، باستثناء چند "مرد" و "عورت" دونوں کو مساوی حقوق دیئے، مگر وہ حقوق قرار واقعی "عورت" کو ملے نہیں۔ یا یوں کہیئے کہ بری طرح غصب کر لئے گئے۔ مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی سیکرٹری جمعیۃ علماءِ ہند نے اپنی کتاب "اخلاق اور فلسفۂ اخلاق" کے صفحہ ۳۲۲ پر، جو ۱۹۴۰ء میں شائع ہوئی تھی اعتراف کیا ہے کہ:

"اسلام نے معدودے چند مسائل کے علاوہ اگرچہ "عورت" کو تمام حقوق میں "مردوں" کے مساوی رکھا ہے۔ مثلاً تعلیم کا حق دونوں کے لئے برابر ہے۔ اپنی مملوکہ اشیاء میں قانونی تصرفات کا مردوں ہی کی طرح پورا حق عطا کیا ہے وغیرہ وغیرہ۔ مگر عملاً ان حقوق سے "عورت" پوری طرح فائدہ نہیں اٹھا رہی ہے۔ اس لئے کہ ان کے اموال کی ذمہ داری یا تو کسی قریبی عزیز کے سر ہوتی ہے اور یا کوئی وکیل ان کی طرف سے تصرف کا مختار ہوتا ہے اور عورتیں براہِ راست ان معاملات میں بے دخل رہتی ہیں۔ اس طرح نکاح تک کے معاملات میں صرف والدین ہی مجازِ کل ہیں اور ان کی اپنی رائے کی قطعاً پرستش و پروا نہیں ہے۔ حتیٰ کہ ان کو یہ

بھی حق نہیں ہے کہ وہ ہونے والے شوہر کو ایک نظر دیکھ ہی لیں اور ولی اگر اُن سے کسی قسم کا مشورہ بھی کرتا ہے تو وہ محض ایک رسمی صورت میں اور بس۔ نیز ان کو ایک لمحہ کے لئے اس کی بھی اجازت نہیں ہے کہ وہ معمولی حیوان کی طرح کھلی ہوا سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اپنی اولاد کے ساتھ باغات کی سیر کر سکیں اور اپنے شوہروں کے دوش بدوش تفریح گاہوں میں تفریح کر سکیں۔ اور اگر ان میں سے کوئی ایک بھی ان امور کی جرأت کر بیٹھے تو گویا اس نے خود کو طعنوں اور ملامتوں کے لئے پیش کر دیا۔ مصر تک میں بہت کم لڑکیاں یونیورسٹی میں علم حاصل کرتی ہیں۔ اور ان کی تعداد کے لحاظ سے ثانوی مدارس میں بھی کم ہی پائی جاتی ہیں اور ابھی تک انہوں نے یہ بھی نہیں سمجھا کہ اُن کے حقوق "غصب" کر لئے گئے ہیں، تاکہ وہ مطالبہ کرنے پر آمادہ ہوں "

مولانا موصوف کا یہ بھی فرمانا ہے کہ:

"بے شک اسلام، نہ اس "افراط" کی اجازت دیتا ہے جو آزادیٔ حقوق کے نام سے مغرب، اور مغرب زدہ ملکوں میں عملاً پائی جاتی ہے اور جہاں "عورت" کی "جنسی مساوات" کے ساتھ ساتھ "صنفی مساوات" کو بھی تسلیم کر لیا گیا .... اور وہ اس "تفریط" کا قائل ہے جس کی بدولت جہالت کے ہاتھوں "عورت" کے ساتھ ایک "باندی" "مملوکہ" یا "حیوان" کا سا سلوک کیا جائے۔" (صـ ۳۳۶)

بلاشبہ وہ دَور گزر گیا جب مرد "عورت" کو ایک جانور سمجھتے تھے۔ اب "عورت" کو ہوش آگیا ہے کہ وہ بھی "انسان" ہے۔ لہٰذا "مرد" کو بقول نیاز فتح پوری:۔

اب تاریخ کو صرف اس لئے نہیں پڑھنا چاہیئے کہ وہ مرد کی تاریخ ہے۔ تمدن کا مطالعہ صرف اس لئے نہ کرنا چاہیئے کہ وہ مرد کے قوائے دماغی کا نتیجہ ہے بلکہ اب تاریخ کا مطالعہ اس حقیقت کو بھی پیشِ نظر رکھ کر کرنا چاہیئے کہ تمام اعمالِ انسانی میں "عورت" بھی پوری پوری حصہ دار ہے "تہذیبِ جدید" نے "عورت" کو علمی و عملی میدان میں بھی "مرد" کے دوش بدوش کام کرنے کا اہل ثابت کر دیا ہے۔ اور اور آج کل یورپ کی معاشرت اس کی شہادت میں پیش کی جا سکتی ہے۔ لیکن چونکہ اس کے ساتھ آپ یہ بھی دیکھیں گے کہ اخلاقی نقطۂ نظر سے "عورت" کی حالت گر گئی ہے۔ اسی بنا پر بعض کا خیال ہے کہ "عورت" کے لئے تعلیمِ جدید یا اس کی آزادی مفید نہیں ہو سکتی۔ مگر ایسا خیال کرنا حقیقتاً واقعات سے غلط نتیجہ اخذ کرنا ہے کیونکہ واقعہ یہ ہے کہ "عورت" کی تربیت کی طرف کبھی بھی صحیح اعتناء نہیں کیا گیا۔ اور اس کا وہ اخلاقی زوال جو ازمنۂ قدیمہ سے شروع ہوا تھا، اب بھی بدستور جاری ہے" (صحابیات۔ صـ ۱۰)

حقیقت تو یہ ہے کہ ؎

قصور "زن" کا نہیں ہے کچھ اس خرابی میں گواہ اُس کی شرافت پہ ہیں مہ و پرویں
فساد کا ہے فرنگی معاشرت میں ظہور کہ "مرد" سادہ ہے بیچارہ زن شناس نہیں

مگر "عورت" کو بھی عقل سے کام لینا ہوگا۔ ہم عورتیں بظاہر آزادی کے سارے مراحل حسبِ خواہش طے بھی کر لیں تو ہماری اسیری بہ باطن دُور نہیں ہو سکتی، ہم کامل آزاد ہو کے بھی قوانینِ الٰہیہ کے پیشِ نظر فطری طور پر "مرد" کے تعلق و تسلط سے آزاد نہیں ہو سکتے کیونکہ ہماری جبلی کمزوری کچھ سہارا چاہتی ہے۔ ہمارے رنگ کی شوخی کپڑے کی محتاج ہے۔ ہماری شمع جب ہی اطمینان سے جل سکتی ہے جب فانوس ہمارا احاطہ کئے ہوئے ہو۔ یہی فطرت کا تقاضا ہے ؎

بظاہر بوئے گُل کو باغ میں حاصل ہے آزادی
مگر موجِ ہوا میں وہ اسیرِ دام ہوتی ہے (اثر مظفر نگری)

میرا خیال یہ ہے کہ اس سلسلہ میں مصر کی مشہور تنظیم "الاخوان المسلمون" کے روشن ضمیر لیڈر اور پیر و مرشد شیخ حسن الحدیبی .... نے بہت عمدہ خیال ظاہر کیا ہے۔ جب اُن سے دریافت کیا گیا کہ:

"آپ زندگی کے تمام دوائر میں عورتوں کی شرکت کے روادار ہیں یا نہیں"؟ تو انہوں نے جواب دیا:۔
اسلام نے زندگی کے تمام شعبوں میں کام کرنے کا حق مردوں اور عورتوں کو مساوی طور پر عطا کیا ہے۔ اگرچہ عورتوں کا فطری دائرۂ عمل خانہ داری اور پرورش و تربیتِ اطفال ہی ہے۔ لیکن اگر عورتیں اپنے اس بنیادی کام کو خوش اسلوبی سے انجام دینے کے بعد اتنی فرصت و استطاعت اور اہلیت رکھتی ہوں کہ زندگی کے دوسرے دوائر میں مردوں کے پہلو بہ پہلو کام کر سکیں تو اسلام ان کو ہرگز منع نہیں کرتا۔ چنانچہ میری دو لڑکیوں نے ڈاکٹری اور نرسنگ کی باقاعدہ تعلیم و تربیت حاصل کی تھی، اب شادیاں ہو جانے کے بعد وہ اپنے گھروں کے اندرونی وظائف کو بھی بہ حسن و خوبی انجام دے رہی ہیں۔ اور ڈاکٹری اور نرسنگ میں بھی مُلک کی خدمت بجا لا رہی ہیں۔"

"اخوان المسلمین" کے امام کا عورتوں کے حقوق و فرائض سے متعلق قطعاً وہی خیال و عقیدہ ہے جو اسلام کی دستوری کتاب "قرآن" میں پیش کیا گیا ہے۔

اس وقت دنیا میں ۷۹ (اناسی) آزاد ممالک ہیں۔ ان میں سے ۴۰ (چالیس) آزاد ممالک میں "عورت" کو مردوں کے برابر "سیاسی حقوق" مل چکے ہیں۔ ان ممالک میں "عورت" کو نہ صرف ووٹ دینے کا حق حاصل ہے بلکہ وہ سرکاری عہدوں پر بحال ہونے کا بھی حق مساوی حیثیت سے حاصل کر چکی ہیں۔ "اقوامِ متحدہ" کے منشور میں بھی "مرد" اور "عورت" کے حقوق بلا استثناء "برابر" تسلیم کئے گئے ہیں۔ ۱۹ر نومبر ۱۹۴۶ء کو،

"اقوامِ متحدہ" کی جنرل اسمبلی نے، ممبر ممالک سے سفارش کی ہے کہ وہ "عورت" کو "مرد" کے برابر "سیاسی حقوق" دیں۔ اس سلسلے میں اقوامِ متحدہ کے "معاشی اور سماجی کونسل" کے ماتحت "عورت" کے معاملات سے متعلق ایک کمیشن بھی بنایا گیا ہے، جس کے ذمّے سفارشات و تفصیلات تیار کرنے کا کام ہے:

جمہوریہ ہند کے آئین و دستور میں بھی "عورت" اور "مرد" کے سیاسی اور دیگر حقوق بالکل مساوی تسلیم کئے گئے اور رکھے گئے ہیں۔ چنانچہ جس طرح اس مُلک کے تمام لوگ بغیر امتیازِ زبان و مذہب شہریت کے حقوق میں برابر ہیں، اسی طرح عورت کے ووٹ دینے سے لے کر تمام سرکاری عہدوں پر بحال ہونے کا حق بھی مل گیا ہے

ذیل میں دنیا کے ان چالیس ملکوں کی مع سنہ، تفصیل دی جاتی ہے، جن میں متذکرہ سنین میں "عورت" کو "مرد" کے برابر ہر قسم کے "سیاسی و سماجی" حقوق مل چکے ہیں:۔

۱۔	نیوزی لینڈ	سنہ ۱۸۹۳ء میں	۲۔	فن لینڈ	سنہ ۱۹۰۶ء میں
۳۔	نوروے	سنہ ۱۹۱۳ء میں	۴۔	ڈنمارک	سنہ ۱۹۱۵ء میں
۵۔	روس	سنہ ۱۹۱۸ میں	۶۔	جرمنی	سنہ ۱۹۱۸ء میں
۷۔	آسٹریلیا	سنہ ۱۹۱۸ء میں	۸۔	لیکزمبرگ	سنہ ۱۹۱۸ء میں
۹۔	پولینڈ	سنہ ۱۹۱۹ء میں	۱۰۔	آسٹریا	سنہ ۱۹۱۹ء میں
۱۱۔	کناڈا	سنہ ۱۹۲۰ء میں	۱۲۔	زیکوسلواکیہ	سنہ ۱۹۲۰ء میں
۱۳۔	سویڈن	سنہ ۱۹۲۱ء میں	۱۴۔	ہنگری	سنہ ۱۹۲۵ء میں
۱۵۔	نیو فاؤنڈلینڈ	سنہ ۱۹۲۵ء میں	۱۶۔	برطانیہ	سنہ ۱۹۲۸ء میں
۱۷۔	جنوبی افریقہ	سنہ ۱۹۳۰ء میں	۱۸۔	اسپین	سنہ ۱۹۳۱ء میں
۱۹۔	سیام	سنہ ۱۹۳۲ء میں	۲۰۔	کیوبا	سنہ ۱۹۳۴ء میں
۲۱۔	اروگوئے	سنہ ۱۹۳۴ء میں	۲۲۔	ترکی	سنہ ۱۹۳۵ء میں
۲۳۔	فلپائن	سنہ ۱۹۳۵ء میں	۲۴۔	ڈمینیکن (ری پبلک)	سنہ ۱۹۴۲ء میں
۲۵۔	مینگولین (ری پبلک)	سنہ ۱۹۴۴ء میں	۲۶۔	اطالیہ	سنہ ۱۹۴۵ء میں
۲۷۔	لیبیریا	سنہ ۱۹۴۵ء میں	۲۸۔	ایکیوڈور	سنہ ۱۹۴۶ء میں
۲۹۔	البانیہ	سنہ ۱۹۴۶ء میں	۳۰۔	برازیل	سنہ ۱۹۴۶ء میں
۳۱۔	فرانس	سنہ ۱۹۴۶ء میں	۳۲۔	یوگوسلاویہ	سنہ ۱۹۴۶ء میں

۳۳۔ پانامہ	۱۹۴۶ء میں	۳۴۔ سیلون	۱۹۴۶ء میں
۳۵۔ انیز ڈیلا	۱۹۴۶ء میں	۳۶۔ چین	۱۹۴۶ء میں
۳۷۔ برما	۱۹۴۷ء میں	۳۸۔ کوریا	۱۹۴۸ء میں
۳۹۔ رومانیہ	۱۹۴۸ء میں	۴۰۔ انڈیا (بھارت)	۱۹۵۰ء میں

ان چالیس ملکوں میں "عورت" متذکرہ سنین میں تمام تر سیاسی حقوق اور کامل آزادی حاصل کر چکی ہے۔ مگر بجز ترکی کے ان میں کوئی بھی اسلامی ملک نہیں ہے۔

نرخنامہ اشتہارات

مجلہ طلوعِ اسلام لاہور

بیرونی صفحات	(آرٹ پیپر)	۱۵۰۰/-
اندرونی صفحات	(آرٹ پیپر)	۱۰۰۰/-
درمیانی صفحات	(پورا صفحہ)	۸۰۰/-
	(نصف صفحہ)	۴۰۰/-
مختصر اشتہارات		۲۰۰/-
پرنٹ لائین		۱۰۰/-

مفکرِ قرآن محترم پرویز صاحبؒ کی قرآنی فکر پر مبنی گراں قدر لٹریچر کا

لاہور شہر میں دوسرا مرکز

مکتبۂ دین و دانش

ملک جلال دین ٹرسٹ ہسپتال بلڈنگ،
چوک اردو بازار لاہور۔

کیا ہمیں قرآن عزیز ہے

ثریّا عندلیب

جی ہاں! ہمیں قرآن بہت عزیز ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ ہم قرآنِ پاک کا دِل و جان سے ادب و احترام کرنے میں کبھی کوتاہی نہیں کرتے۔ اسے حسبِ مقدور سجا سنوار کر بڑی حفاظت سے بلند مقام پر رکھتے ہیں۔ بغیر وضو اسے چھونا حرام سمجھتے ہیں اور پھر سب سے بڑھ کر یہ کہ ہم جھوم جھوم کر اس کی تلاوت کرتے بھی ہیں اور سنتے بھی ہیں۔ کیونکہ ہمارے مذہبی علماء اور فضلاء نے ہمیں بتا رکھا ہے کہ قرآن کے صرف الفاظ پڑھ لینے سے بے حدو حساب ثواب ملتا ہے۔

دُور کیوں جائیے ابھی اگلے ہی دِن ہمارے سب سے مؤثر ذریعۂ ابلاغ، ٹی وی پر ایک صاحب دانش و بینش بتا رہے تھے کہ تلاوت کے معنی ہیں لفظ کو زبان سے ادا کرنا اور قرآن کا ایک لفظ ادا کرنے سے دس نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔ اسی سے اندازہ کیجئے کہ قرآن کی "تلاوت" کرنے سے ہم روزانہ کتنی نیکیاں کما لیتے ہیں۔ اسی لئے تو ہمیں قرآنِ کریم عزیز ہے۔ تلاوت کے مروّجہ مطلب نے ہمارے لئے کتنی آسانی مہیا کر دی ہے۔ اسی بنا پر ہمیں اپنے مسلمان ہونے میں کوئی شک و شبہ نہیں اور ہم بڑے اطمینان اور دِل کی خوشی اور رضا مندی سے اپنی اس مسلمانی پر نہ صرف قائم ہیں بلکہ اپنا فرض سمجھ کر اس کی تبلیغ بھی کرتے ہیں۔ عمل کر کے بھی دکھاتے ہیں۔ قرآن کی بڑی برکت ہے اسی لئے تو ہم اس کی قسمیں کھاتے ہیں۔ اس کے تعویذ بناتے ہیں۔ گلے میں بطور لاکٹ اسے پہنتے ہیں۔ تحفہ کے طور پر جب اسے لیتے دیتے ہیں تو لبوں سے اسے چوم کر آنکھوں سے لگاتے ہیں۔ شادی بیاہ کے موقع پر دولھا دلہن کو قرآن کے سائے تلے سے گذار کر رخصت کرتے ہیں۔ کسی کی موت ہو جائے تو قُل، جمعراتیں اور چالیسویں کی صورت میں ختمِ قرآن کی محفلیں سجتی ہیں۔ پہلے زیادہ سے زیادہ دہرائیاں کی جاتی ہیں یعنی "ختمِ قرآن" ہوتا ہے۔ (جس کسی نے ختمِ قرآن کی ترکیب وضع کی اس نے کچھ غلط نہیں کیا۔ جب بغیر سمجھے جانے کے کسی کتاب کو پڑھا جائے۔ پلّے کچھ نہیں پڑے۔ یہ پڑھنا کتاب کو اس کے مقام سے ہٹانا ہے اور یہ اسے ختم کر دینے کے مترادف ہے) اس کے بعد چائے پانی پھل مٹھائی اور کھانوں کا دَور چلتا ہے۔

"مذہب" کا فریضہ بھی پورا ہوگیا اور مفت کا کھانا بھی مل گیا۔ تفریح بھی حاصل ہوگئی۔ ہر طرح فائدہ ہی فائدہ ہے۔ پھر جن "قرآنی اعمال" کی ہم عوام کو ترغیب دیتے ہیں وہ بھی ہمارے لئے قرآنِ پاک کو عزیز رکھنے کے لئے کچھ کم نہیں۔ مثلاً مولانا صاحب سے سوال ہوتا ہے کہ کوئی ایسا عمل بتادیں کہ میری موٹر سائیکل جو گم ہوگئی ہے مل جائے۔ جواب ملتا ہے۔ پانچ سو مرتبہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن ہر روز پڑھ لیا کریں۔ (موٹر سائیکل مل جائے گی)۔ دوسرے صاحب ایک لڑکی سے شادی کرنے کے خواہش مند ہیں۔ وہ اس شادی کے ہونے کیلئے وظیفہ طلب کرتے ہیں۔ انہیں "یاعزیز" کثرت سے پڑھتے رہنے کی ہدایت ملتی ہے۔ یہ کوئی گئے گزرے زمانے کی باتیں نہیں ہیں۔ اس بیسویں صدی کے اواخر کی "حقیقتیں" ہیں

اور سنیئے! بینائی تیز کرنے کیلئے "عمل" پوچھا جارہا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے، سورہ قٓ کے دوسرے رکوع کی ایک آیت فکشفنا عنك سے حدید تک ۴۵ مرتبہ آنکھ کے سرے پر پڑھ کر سرمہ لگایا کریں یا پانی پر دم کرلیا کریں (فھوالمراد) ایک صاحب تقریر کرتے ہوئے یا کسی بڑے افسر سے بات کرنے سے اپنے دل اور سانس پر قابو نہیں پا سکتے۔ دل بے طرح دھڑکنے لگتا ہے اور سانس پھول جاتا ہے۔ وہ خود اعتمادی پیدا کرنے کا "عمل" پوچھتے ہیں۔ عمل بتایا جاتا ہے۔ ہر نماز کے بعد (کم نہ زیادہ) پورے ۲۰۰ مرتبہ زبان سے لا الٰہ الا اللّٰہ دہرائیے۔ (بحوالہ جنگ ۲ جنوری ۱۹۹۰ء "دینی مسائل")

یہ تو بطور مثال چند اعمال ہیں ورنہ تو ظاہر ہے کہ ہمارے ہاں ایسے مستحکم "اعمالِ صالحہ" ان گنت تعداد میں کئے اور کروائے جاتے ہیں اور اسلام کے شادیانے بجائے جاتے ہیں۔ پھر آپ کا یہ پوچھنا کہ ہمیں قرآن عزیز ہے! غیر ضروری نہیں کیا؟ خیر آپ کا یہ پوچھنا ضروری ہو یا غیر ضروری، جب ہم بات قرآن کی کر رہے ہیں تو اس بارے میں ہم سے پوچھنے کا حق بھی قرآن ہی رکھتا ہے اور دیکھئے وہ پکار پکار کر کہہ رہا ہے کہ میرے ساتھ یہ کیا استہزاء ہو رہا ہے۔ یہ لوگ قرآن کو عزیز رکھنے کا دعویٰ رکھنے والے ذرا میرے سامنے آئیں اور اس صداقت کو دیکھیں جو میں پیش کرتا ہوں۔ میرے الفاظ کے اس مفہوم کو سمجھیں جو میں نے متعین کیا ہے۔

قرآن کی زبان عربی مبین ہے اور عربی زبان میں تلاوت کے معنی پیچھے پیچھے چلنے یعنی قرآن کے احکام اور قوانین کی پیروی کرنے کے ہوتے ہیں۔ راغب کے نزدیک تلاوت بالخصوص خدا کی طرف سے نازل شدہ کتابوں کے اتباع کو کہتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ یہ اتباع احکام کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینے کے بعد ہی ہوسکتا ہے۔ چنانچہ احکام کو سمجھتے ہوئے پڑھنے کو بھی تلاوت کہتے ہیں۔ لیکن قرأت یعنی پڑھنا، تلاوت کے اندر آجاتا ہے جبکہ تلاوت، قرأت کے اندر نہیں آتی۔ لہٰذا تلاوتِ قرآنِ کریم کا مفہوم قرآن پر عمل کرنے کیلئے اسے پڑھنا ہے

بس یونہی سمجھے بغیر پڑھتے رہنا نہیں، جسے ہم نے اپنا شعار بنا رکھا ہے

قرآن میں تلاوت کے متعلق کہا گیا ہے:-

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰھُمُ الْکِتٰبَ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ اُولٰٓئِكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ (۲/۱۲۱)

"جن لوگوں کو ہم نے یہ کتاب دی ہے وہ اس کی تلاوت کرتے ہیں جیسا کہ تلاوت کرنے کا حق ہے۔
یہی لوگ ہیں جو اس کتاب پر ایمان رکھتے ہیں"

تلاوت کرنے کے حق سے تلاوت کا مفہوم پیروی کرنا واضح ہے۔ کیونکہ ان لوگوں کے متعلق کہا گیا ہے کہ یہی لوگ درحقیقت اس پر ایمان رکھتے ہیں۔ اگر اس کے معنی فقط پڑھنے کے ہوں تو قرآن کو تو غیر مسلم بھی پڑھتے ہیں جو اس پر ایمان نہیں رکھتے۔ قرآن بار بار کہتا ہے کہ مومن وہی ہیں جو میرے احکام کی پیروی (تلاوت) کرتے ہیں۔

چنانچہ قرآن کا پڑھنا (قرأت) اس لئے ضروری ہے کہ اسے سمجھ لیا جائے اور سمجھنا اس لئے ضروری ہے کہ اس پر عمل کیا جائے۔ تلاوت سے یہی مراد ہے نہ کہ وہ بنیادی خود فریبی کہ صرف قرآن پڑھ لینے کو تلاوت کا نام دے کر یہ سمجھ رکھا ہے کہ قرآن کے تعلق سے ہمارا فرض پورا ہوگیا اور زندگی کا مقصد حاصل ہوگیا یوں بلا سوچے سمجھے پڑھنے سے "ثواب" ملنے کے مفروضے سے ہم قرآن کو عزیز تو کیا رکھیں گے، سرے سے قرآن سے بیگانہ ہو چکے ہیں۔ دوسری طرف اس کے ساتھ ہمارا استہزاء یہ ہے کہ ہم نے اس کے الفاظ کو جنتر منتر بنا ڈالا ہے۔ فلاں لفظ یا فلاں آیت کو ۲۰۰ دفعہ دہرا لو تو یہ ہو جائے گا، فلاں کا ۵۰۰ دفعہ وظیفہ کرلو، جو چاہتے ہو مل جائیگا یہی ہے ہمارا اس قرآن اس کتاب اللہ کو عزیز رکھنا جسے اللہ نے ہمارے لئے ضابطۂ حیات بنا کر نازل کیا ہے؟ اس کتاب عظیم کے عظیم الفاظ کا یہ مصرف ہو سکتا ہے؟ کبھی ہم نے سوچا۔ کبھی ایسا کرنے والوں کو روکا۔ کبھی اس فریب خوردگی اور فریب دہی پر ہمارا دل کانپا۔ ہمارا ذہن لرزا۔ کبھی نہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو ہم قرآن کو عزیز رکھنے کا دعوےٰ کرنے والے اس کے اتنے قریب ہوتے ہوئے اتنے دور نہ ہوتے۔

پھر یہ دیکھئے کہ ادھر ہم تو اس زعم میں پڑے ہیں کہ ہمیں قرآن بہت عزیز ہے۔ ادھر قرآن نازل کرنے والا، ہمارے دلوں میں چھپے بھید جاننے والا، ہماری رگِ جان سے قریب ہمیں کس طرح بے نقاب کر رہا ہے۔ سورہ محمدؐ کی نویں آیت کو سامنے لائیے!!

ذٰلِكَ بِاَنَّھُمْ كَرِھُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَھُمْ ۝

"جو کچھ اللہ نے قرآن میں نازل کیا ہے یہ اس کو پسند نہیں کرتے اس سے کراہت رکھتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کے اعمال ضائع چلے جائیں گے"

یعنی مجبوراً خدا کی کتاب کا نام تو لیتے ہیں گے لیکن دل سے اسے تسلیم نہیں کریں گے۔ اس سے کراہت رکھیں

گے۔ یہ آئینہ ہمیں دکھایا جا رہا ہے۔ ہم نے کبھی غور کیا کہ ہمارے اور پوری امتِ مسلمہ کے زوال کا بنیادی سبب کیا ہے۔ وہ واحد سبب ہے قرآن کو اس کے صحیح مقام سے ہٹا دینا۔ جو ہم نے کیا اور جس کو ہم کرتے چلے جا رہے ہیں۔ ہم بڑے زور و شور سے قرآن کو ماننے کا اعلان کرتے ہیں لیکن ہمارے اعمال اس کی تعلیم کے یکسر خلاف ہوتے ہیں۔ کبرھُوا سے اس کی تصدیق ہوتی ہے کہ ایسا کرنے والے ہم نام نہاد مسلمان ہی ہیں کیونکہ کافر تو اسے مانتے ہی نہیں۔ یہاں ہندو، عیسائی، غیر مسلم کا تو سوال ہی نہیں۔ یہ ہم ہیں جو مسلمان کہلاتے ہیں۔ قرآن کو مانتے ہوئے اسے نہیں جانتے۔ زبان سے مانتے ہیں دل میں کراہت رکھتے ہیں۔ بظاہر یہ بات بڑی حیرت انگیز ہے کہ مسلمان ہو کر ما انزل اللہ سے کبیدگی پیدا ہو۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے۔ مگر صد حیف! کہ ہو رہا ہے۔ بس ہم نے ہی آنکھیں بند کر رکھی ہیں، کان لپیٹ رکھے ہیں۔ قرآن تو خود اس کی شہادت دے رہا ہے۔ یہ کہہ کر:۔

> جب تو قرآن میں صرف خدا کا ذکر کرتا ہے تو ان کے دلوں میں اس سے کبیدگی پیدا ہوتی ہے اور وہ منہ پھیر کر چل دیتے ہیں (۱۷/۴۶)

یعنی صرف خدا کی اطاعت، صرف قرآن کی محکومی۔ بس اور آگے کچھ نہیں۔ پھر کہا:

> "جب تو خدائے واحد کی بات ان کے سامنے کرتا ہے تو جو لوگ قانونِ مکافاتِ عمل پر ایمان نہیں رکھتے (اسے پیشِ نظر نہیں رکھتے) جن کا آخرت کی زندگی پر ایمان نہیں ہوتا تو اس سے ان کے دل کبیدہ ہوتے ہیں (وہ جھنجھلا اٹھتے ہیں) اور جب تو خدا کے سوا اوروں کا، (مذہبی پیشوا، حضرت صاحبان وغیرہ) کا ذکر کرتا ہے تو ان کی باچھیں کھل اٹھتی ہیں" (۳۹/۴۵)

یہ ہوئی نہ بات۔ گویا اکیلے خدا کے احکام و قوانین سے بات نہیں بنتی۔ (نعوذ باللہ) اس کی بے شمار مثالیں گذشتہ ہزار سال سے چلی آ رہی ہیں۔ اور ہمارا دور ان سے 'محروم' نہیں۔ قرآن نے لونڈیوں اور غلاموں کا وجود ختم کر دیا۔ اس کے برعکس دورِ ملوکیت میں شاہی حرموں میں تین تین ہزار لونڈیاں موجود رہیں، اور اسے جائز سمجھا گیا۔ جب لونڈی غلاموں کے متعلق قرآن کے حکم کی طرف توجہ دلائی گئی تو فرمایا گیا " ان کی غلطی کا اصل سبب یہ ہے کہ انہوں نے صرف قرآن سے غلامی کا قانون اخذ کرنے کی کوشش کی ہے۔" (مودودی مرحوم)۔ اسی طرح یہ فتویٰ صادر ہوا کہ "قرآن اور حدیث جب دونوں آئیں اور دونوں میں تضاد ہو تو حدیث قرآن پر قاضی ہے"۔ اور آگے بڑھے تو فرمایا کہ حدیث قرآن کی آیت کو منسوخ کر سکتی ہے (مودودی مرحوم) صرف یہی نہیں۔ یہاں تک جا پہنچے کہ "جو لوگ شریعت کو صرف قرآن کے اندر سمجھتے ہیں وہ کافر ہیں"۔ (امین احسن اصلاحی۔ بحوالہ تسنیم، استقلال نمبر) دیکھئے مذکورہ آیتِ قرآنی کی کس طرح تصدیق ہو رہی ہے! قرآن تو ہمیں عزیز

ہے۔ اور ہمارے اسلامی معاشرے میں قانون چلتا ہے فقہ و روایات کا۔ علیحدہ علیحدہ فرقے اور ہر فرقے کی اپنی اپنی فقہ۔ جب لکھ کر بھیجا گیا کہ ہم فقۂ قرآنی سے متمسک ہیں تو یک قلم اسے مسترد کر دیا۔ بھلا فقہ قرآنی کیا ہوتی ہے!! بیٹھے رہیئے لے کر اپنی کتاب کو۔ خدا کہتا ہے کیا یہ لوگ اسے کافی نہیں سمجھتے؟ ہمارے پیشوا ہمارے مفسر کہتے ہیں یہ کافی نہیں ہے۔ یہاں تو مسلمان وہی رہ سکتا ہے جو صرف قرآن سے نہیں بلکہ کسی فرقے سے بھی وابستہ ہو۔ یعنی جو شرک کا مرتکب ہو۔ (قرآن کے نزدیک فرقے بنانا شرک ہے۔) اس کے بغیر مسلمان ہونا چہ معنی دارد؟ ایک غیر مسلم صحافی ہانگ کانگ سے پاکستان آیا۔ اس نے اس وقت کے صدر پاکستان ضیاالحق سے رجم کے متعلق سوال کیا کہ آیا یہ سزا ہے؟ جواب ملا کہ ہاں یہ سزا ہے! اس نے کہا مگر قرآن میں تو یہ نہیں ہے اس پر فرمایا گیا کہ اس کے باوجود یہ شریعت کا حکم ہے۔ اللہ اکبر

قرآن کریم میں بالتصریح یہ لکھا ہے کہ پورے مال کی وصیّت جس کیلئے کرنی ہو، کی جاسکتی ہے اور یہ اتنی ضروری ہے کہ وراثت اور ترکہ کا حکم ہر وصیت پوری کرنے کے لئے بھی رکھا گیا ہے۔ تین دفعہ یہ حکم آیا ہے اور تینوں دفعہ اس کے لئے وصیت پوری کرنے کے بعد کہا گیا ہے۔ وصیّت کیسے لکھی جائے گی، کیسے لکھائی جائے گی۔ اس پر پوری آیت نازل ہوئی۔ یہاں وصیّت کیلئے قانون یہ بنا کہ وہ صرف ایک تہائی میں ہوسکتی ہے۔ اور وارثوں کے حق میں نہیں کی جاسکتی۔

کیا اسی کا نام ہماری قرآن سے وابستگی ہے؟ مَا اَنْزَلَ اللہ کو چھوڑ کر اپنی من مانیاں کرنا۔ اپنی مفاد پرستیوں کے تحت قانون بنانا۔ کیا یہ تلاوت کا حق ادا کرنا ہے؟ کیا یہ قرآن کو عزیز رکھنا ہے۔ یہ تو دو ایک مثالیں بطور نمونہ پیش کی گئیں ورنہ تو ہماری پوری زندگی قوانینِ خداوندی سے روگردانی میں گزرتی ہے۔ ہمارے لئے اس سے بڑی قیامت اور کیا ہوگی کہ اس وقت دنیا میں قرآن کا قانون کہیں بھی نافذ نہیں۔ صرف انسان کا قانون لاگو ہے جو آج بنتا ہے تو کل مٹتا ہے۔ اس امتِ مسلمہ کو عروج حاصل ہو تو کیسے؟

مزید ستم یہ ہے کہ ہمیں اپنی زبوں حالی کا سبب معلوم ہے تو اس کے علاج کو بھی ہم جانتے ہیں لیکن ہم بدستور اس فریب کی پناہ لئے ہوئے ہیں کہ اللہ تو بڑا کارساز ہے۔ وہ ہمارے کچھ کئے بغیر ہمارا بیڑا پار لگا دے گا یعنی ہمیں بخش دے گا۔ قرآن کی اس للکار کو ہم سنتے ہی نہیں کہ خدا کی پشت پناہی تو اسی فرد اسی قوم کو حاصل ہوسکتی ہے جو عملی طور پر اس کے قائم و دائم قوانین کو تسلیم کرے۔ مَا اَنزَل اللہ کو چھوڑ کر یہ سمجھ لینا کہ خدا ہمارا ہے اور ہماری مدد کرنا اس کا فرض ہے! کیا بات ہے ہماری۔ اس سلسلے میں کینیڈا سے ایک قرآنی فکر رکھنے والی قرآنی بیٹی نے کیسی سچّی اور کھری بات لکھی ہے۔ وہ کہتی ہے کہ آپ تو خواہ مخواہ ہی الجھ رہے ہیں، بات تو سیدھی ہے۔ اللہ تعالےٰ نے قرآن کی حفاظت کا ذمہ خود لیا تھا اور قرآن کی اطاعت کی ذمہ داری

ہم پر ڈالی تھی۔ ہم نے یہ کیا کہ قرآن کی حفاظت کے ذمّہ دار بن گئے۔ خدا کی ذمّہ داری ہم نے اٹھالی اس کے بعد اطاعت کی کیا ضرورت رہ گئی۔ ہمیں اپنے دلوں پر ہاتھ رکھ کر جواب دینا چاہیئے۔ کیا بالکل ایسا نہیں ہے؟ آخر ہم چاہتے کیا ہیں۔ ہم نے اپنی مسلمانی میں آسانی ڈھونڈ لی۔ ذکر و فکر خانقاہی میں مست ہوکر۔ مگر مسلمان ہونا اتنا آسان نہیں۔ ہم رسولؐ کے اُمتی اس کے نام لیوا ہیں اور بھولے بیٹھے ہیں حضورؐ کی اس پکار کو جو حشر میں اُٹھے گی، جب آخرت کے میدان میں ہماری قوم گزرے گی تو آپؐ بدرگاہِ ربّ العزّت یہ شکائت فرمائیں گے کہ:

"یہ وہ میری قوم گزر رہی ہے جس نے قرآن کو چھوڑ رکھا تھا"..........[25/30]

یہ ہوگا ہمارا تعارف کہ نسبت حضورؐ کی طرف اور کیفیت یہ کہ قرآن پر ایمان رکھ کر قرآن کو چھوڑ دیا۔ کیا ہم یوں ہی اپنے سانس لمبے کرتے جائیں گے! کیا ان اعمالِ غیر قرآنی کے ساتھ ہماری زندگی نشوونما پاسکے گی؟ آخرت کا سامنا کرسکے گی؟ سوچیئے! سنجیدگی سے سوچیئے! شاید یہ سوچنا ہماری کایا پلٹ سکے!

گہرہائے تابدار

حضرت ابوسعید خدریؓ سے روائت ہے کہ ہم رسول اللہؐ کے ساتھ سفر میں تھے ایک شخص آیا اور دائیں بائیں دیکھنے لگا۔ آپؐ نے فرمایا، جس کے پاس سواری ضرورت سے زائد ہو وہ اس شخص کو دیدے، جسے اس کی ضرورت ہو۔ جس کے پاس زادِ راہ ضرورت سے زیادہ، وہ اُسے دیدے جس کے پاس نہ ہو۔ اس طرح آپؐ نے بہت سی چیزوں کا ذکر فرمایا۔ حتیٰ کہ ہم نے سمجھ لیا کہ ہم میں سے کسی کو ضرورت سے زیادہ کوئی چیز رکھنے کا حق نہیں۔ (مسلم بحوالہ ریاض الصالحین امام نوویؒ)

حضرت ابوموسیٰؓ سے روائت ہے کہ اشعر کے قبیلہ والوں کے ہاں یہ دستور تھا کہ جب کسی جنگ میں ان کے پاس کھانا تھوڑا رہ جاتا یا مدینہ میں ان کے بال بچوں پر فاقہ کی نوبت آجاتی تو یہ لوگ اپنے اپنے کھانوں کی چیزوں کو ایک جگہ جمع کر لیتے اور ایک برتن میں برابر حصے لگاکر آپس میں تقسیم کرلیتے ـــــــ رسول اللہ نے فرمایا کہ یہ لوگ مجھ سے ہیں اور میں ان سے ہوں۔ (بخاری، مسلم)

"مودودی، غلام احمد پرویز اور ڈاکٹر اسرار احمد کی فکر خام اور تحریکیں ناکام ہیں" (طاہر القادری)

حکیم الامت حضرت علامہ اقبالؒ نے کہا تھا :

میں جانتا ہوں انجام اس کا
جس معرکے میں مُلّا ہوں غازی

ہمارے دَور کے ایک (بزعم خویش) روشن خیال مذہبی پیشوا طاہر القادری صاحب کے حوالے سے عنوانِ بالا کے تحت روزنامہ نوائے وقت بابت ۱۱ جنوری ۱۹۹۰ء میں ایک مضمون شائع ہوا ہے، جس میں انہوں نے کہا کہ محترم پرویزؒ صاحب (مع مودودی صاحب اور ڈاکٹر اسرار احمد صاحب) کی فکر خام اور تحریکیں ناکام ہیں۔

محترم پرویز صاحبؒ نے اپنی زندگی میں جو جہاد کیا اس کے (سمجھنے کی خاطر یوں کہا جاسکتا ہے کہ) دو حصے ہیں :

"اولاً تحریکِ حصولِ پاکستان کے دوران نیشنلسٹ علماء کے حلقہ کی طرف سے بے پناہ مخالفت کا سدِ باب اور قوم کے سامنے اس تحریک کی قرآنی اہمیت و جواز کو اس طرح پیش کرنا کہ یہ تمام ہندی مسلمانوں کا تقاضا بن سکے۔ اس تحریک کے دوران محترم پرویزؒ صاحبؒ۔ حضرت قائدِ اعظمؒ کے شانہ بشانہ مصروفِ کار رہے اور اللہ تبارک و تعالےٰ نے ان زعما کی کوششوں کو شرفِ قبولیت بخشا اور ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو مملکتِ پاکستان دنیا کے نقشے پر اُبھری۔ محترم پرویزؒ صاحب کی انہی خدمات کے اعتراف کے طور پر انہیں ۱۴ اگست ۱۹۸۹ء کو تحریکِ پاکستان گولڈ میڈل بھی پیش کیا جاچکا ہے۔"

"محترم پرویزؒ صاحب کے جہاد کا دوسرا حصہ (جو تحریکِ حصولِ پاکستان کے دوران بھی جاری رہا) یہ تھا کہ قوم کے سامنے اس قرآنی معاشرہ کے خدوخال پیش کئے جائیں جس کے قیام کے لئے

پاکستان حاصل کیا جارہا تھا۔ محترم پرویزؒ صاحب اپنی عمر کے آخری روز تک یہ فریضہ انجام دیتے رہے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ پرویزؒ صاحب کی فکر خام اور تحریک ناکام ہے حقیقت کا منہ چڑانے کے مترادف ہے۔

ہم نے اس سلسلہ میں پاکستان کی معروف شخصیت، شہرہ آفاق قرآنی سکالر جناب ڈاکٹر سیّد عبدالودود صاحب سے ایک انٹرویو لیا جو من وعن پیشِ خدمتِ قارئین ہے۔ ممکن ہے اس آئینہ میں طاہر القادری صاحب اپنا چہرہ دیکھ سکیں۔

(ادارہ طلوعِ اسلام)

س ۔ ڈاکٹر صاحب! کیا آپ بزمِ طلوعِ اسلام کے ممبر ہیں؟

ج ۔ نہیں! نہ میں کبھی بزمِ طلوعِ اسلام کا ممبر رہا ہوں نہ اب ہوں۔ البتہ پرویزؒ مرحوم کا درسِ قرآن میں ایک لمبی مدت تک حاضری دی ہے اور اس سے مستفید ہوا ہوں!

س ۔ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ پروفیسر طاہر القادری صاحب بہت اچھے مقرر ہیں۔ آپ کا کیا خیال ہے؟

ج ۔ میری سماعت کئی سالوں سے خراب ہے اس لئے میں تقریریں سننے کیلئے کہیں نہیں جاتا۔ نہ میری کبھی پروفیسر مذکور سے ملاقات ہوئی ہے۔ اس لئے میں کہہ نہیں سکتا کہ وہ کیسے مقرر ہیں۔

س ۔ آپ نے پروفیسر صاحب کو ٹیلیویژن پر تقریر کرتے تو دیکھا ہوگا!

ج ۔ ہاں بعض اوقات ان کو مغرب کی نماز کے وقت ٹیلیویژن پر تقریر کرتے دیکھا ہے۔ آواز تو مجھے سنائی نہیں دیتی البتہ ان کی اچھل کود سے ان کی طلاطم خیزی کا پتہ چل جاتا ہے۔

س ۔ لیکن آپ نے ان کی کوئی نہ کوئی تحریر تو ضرور پڑھی ہوگی اور روزنامہ نوائے وقت میں ان کا ایک کالم بھی شائع ہوتا ہے اس سے آپ نے ان کی علمی سطح کا اندازہ لگایا ہوگا؟

ج ۔ ہاں چند ایک مرتبہ نوائے وقت میں ان کی تحریر پڑھی ہے۔ تصوّف کی دلدل میں اُلجھے نظر آتے ہیں۔ لیکن کچھ عرصہ پیشتر ایک صاحب نے مجھے ان کے ایک اخبار کا تراشہ دیا تھا جسے پڑھ کر میں سخت متنفر ہوا پھر اس کے بعد میں نے ان کی کوئی تحریر پڑھنے میں وقت ضائع نہیں کیا۔ اس تحریر سے معلوم ہوا کہ وہ پیشاب اور خون پینا بھی جائز سمجھتے ہیں حالانکہ ایک جاہل سے جاہل مسلمان بھی جانتا ہے کہ خون منہ کو لگانا از روئے قرآن حرام ہے۔ یہ تراشا آپ کو تلاش کرکے دیتا ہوں اس سے آپ خود اندازہ لگا لیجئے کہ یہ صاحب کس پائے کے عالم ہیں اس قسم

کی تقریریں اور تحریریں کاہنا کاچھا کی کسی مسجد میں تو مقبول ہوسکتی ہیں لیکن مسلمانوں کا کوئی ہوشمند طبقہ ان کو قبول نہیں کر سکتا۔ اس سطح کے مُلّا بے سروپا باتیں کرکے اپنی قدر و قیمت بڑھانے کی بے سود کوشش کرتے ہیں۔ امتِ مسلمہ میں تفرقہ پیدا کرنا انکی زندگی کا مقصود ہوتا ہے!

س ۔ روزنامہ نوائے وقت مورخہ ۱۱ جنوری ۱۹۹۰ء میں ایک خبر شائع ہوئی ہے۔ جس میں پرفیسر قادری صاحب کے ایک انٹرویو کا ذکر ہے جو انہوں نے ہفت روزہ "ندا" کو دیا ہے۔ اس خبر کا عنوان ہے "مودودی، غلام احمد پرویز اور ڈاکٹر اسرار احمد کا فکر خام اور تحریکیں ناکام ہیں" یہ اصحاب فکری انقلاب پیدا نہیں کر سکے ہیں آپ قادری صاحب کے اس بیان کو درست تسلیم کرتے ہیں؟

ج ۔ مودودی صاحب کے بعض نظریات سے مجھے اتفاق ہو نہ ہو لیکن میں سمجھتا ہوں کہ ان تینوں اصحاب کی کوششیں قابلِ قدر ہیں۔ فکری انقلاب فوراً ایک بھونچال کی طرح نہیں آیا کرتا۔ اس میں وقت لگتا ہے کیونکہ ہر قسم کے سنگِ راہ راستے سے ہٹانے پڑتے ہیں۔ جہاں تک طلوعِ اسلام کی تحریک کا تعلق ہے۔ پرویز مرحوم کی وفات کے بعد اس کی سرگرمیوں میں کمی واقع نہیں ہوئی بلکہ اضافہ ہوا ہے۔ پرویز مرحوم اور مودودی مرحوم بین الاقوامی شہرت کے مالک تھے اور ہیں۔ ان کے مقابلے میں قادری صاحب کو ابھی بہت کم لوگ جانتے ہیں وہ ابھی مشہور ہونے کی کوشش میں ہیں۔

س ۔ پروفیسر قادری صاحب نے ایک سیاسی جماعت بنائی؟ اور اس کی کامیابی کے لئے بہت پُرامید ہیں۔ آپ کا اس کے متعلق کیا خیال ہے؟

ج ۔ اس قسم کے جذباتی لوگ چند دنوں کے شور و شر کے بعد اوندھے مُنہ گرا کرتے ہیں۔ سیاسی میدان میں کوئی ٹکراؤ ہوگا تو ان کو آٹے دال کا بھاؤ معلوم ہو جائے گا۔ قرآن کریم کے بنیادی تصوّرات سے واقف کسی ہوش مند انسان کے ذہن میں بھی یہ بات نہیں آسکتی کہ پاکستان کی مرّوجہ پارٹی بازی کی سیاست کوئی نتیجہ پیدا کر سکتی ہے۔ پاکستان میں صرف قرآن کریم کا سیاسی نظام کامیاب ہو سکتا ہے یا دوسری صورت میں مغربی جمہوریت کا سیاسی نظام اس حد تک نتیجہ خیز ہوسکتا ہے جس حد تک یہ دنیا کے دیگر ممالک میں کامیاب ہے۔ لیکن یہاں مغرب کے سیکولر جمہوری نظام میں عملی طور پر حصہ دار بن کر اسلام اور قرآن کا نام لیتے جانا بہت بڑی منافقت ہے۔ اسلامی مشاورتی نظام مغرب کے جمہوری نظام سے قطعاً مختلف ہے۔ اسلام کے مشاورتی نظام میں اقتدارِ اعلیٰ، اللہ تعالےٰ کے قوانین کو حاصل ہے جو کہ صرف قرآن کریم کے اندر موجود ہیں جبکہ مغرب کے جمہوری نظام میں اقتدارِ اعلیٰ عوام کو حاصل ہوتا ہے جو کہ ایک غلط اور ناقابلِ عمل مفروضہ ہے۔

اور خود مغربی مفکرین اس سے بے زار ہیں۔ یہ جتنے مغربی جمہوریت کے دلدادہ پارٹی باز مذہبی پیشوا ہیں یہ از روئے قرآن شرک کے مرتکب ہو رہے ہیں (۳۰:۳۱-۳۲)۔ انتخاب کے حق میں ان حضرات اور ان کی پشت پر اخبار نویسوں کی دلیل یہ ہے کہ قائدِ اعظم مرحوم نے سیاسی جمہوری اور جماعتی انتخاب کی بنیاد پر پاکستان حاصل کیا؛ تھا اس لئے اس عمل کو جاری رکھنا ضروری ہے۔ لیکن نہ معلوم یہ لوگ اس حقیقت کو کیوں فراموش کر دیتے ہیں کہ پاکستان دو قومی نظریہ کی بنیاد پر معرض وجود میں آیا تھا۔ ہندوستان میں دو قومیں آباد تھیں۔ مسلم اور غیر مسلم۔ از روئے قرآن آئیڈیالوجی کی بنا پر روئے زمین کی کل آبادی دو قوموں میں تقسیم ہے۔ مومن اور کافر۔ مومن وہ جو قرآنِ کریم کے احکام، قوانین اور مستقل اقدار پر ایمان رکھتے ہیں اور کافر وہ جو ان پر ایمان نہیں رکھتے۔ چنانچہ ہندوستان میں دو قومیں آباد تھیں۔ مسلم اور غیر مسلم۔ ان میں سے مسلم قوم کے لئے قائدِ اعظمؒ نے ایک الگ خطۂ زمین حاصل کیا۔ اور اس قوم کا بڑا حصہ پاکستان میں آکر آباد ہوا۔ پاکستان میں جو مسلم قوم بستی ہے اس کی آئیڈیالوجی، قرآن کی آئیڈیالوجی ہے۔ اب یہ پارٹی باز مذہبی پیشوا اور سیاستدان مسلم قوم کو پھر مختلف پارٹیوں اور فرقوں میں تقسیم کر کے امتِ مسلمہ کی شیرازہ بندی کو پارہ پارہ کرنے کے درپے ہیں۔ قائدِ اعظم نے جو کچھ کیا تھا وہ مسلمانوں کو ہندوؤں سے الگ کرالیا تھا ——— اب یہاں صرف ایک قوم آباد ہے اب اس واحد قوم کو حصوں میں بانٹنا سراسر بے وقوفی اور قرآنِ کریم کے احکام کے خلاف ہے۔ ان پارٹی باز مذہبی پیشواؤں کا مقصد صرف خود غرضی اور چوہدراہٹ کا حصول ہے۔

س ۔ ڈاکٹر صاحب! یہ بھی سنا گیا ہے کہ پروفیسر طاہر القادری صاحب بعض اصطلاحات بھی پرویز صاحبؒ کی استعمال کرتے ہیں۔ کیا یہ درست ہے؟

ج ۔ میں پہلے کہہ چکا ہوں کہ مجھے ان لوگوں کی تحریروں میں دلچسپی نہیں۔ ممکن ہے قادری صاحب ایسی اصطلاحات استعمال کرتے ہوں جو پرویز مرحوم کی مخصوص اصطلاحات تھیں لیکن یہ بات کسی ایک مولوی تک محدود نہیں۔ اکثر مولوی یہی کچھ کرتے دیکھے گئے ہیں۔ اس ضمن میں میں ایک لطیفہ بیان کرتا ہوں۔ ایک ہندو دال روٹی کی دکان چلاتا تھا۔ اس کی دال بڑی لذیذ ہوتی تھی اور ہندو گاہک بہت پسند کرتے تھے۔ وہ درحقیقت دال میں گوشت کی یخنی ڈال کر پکاتا تھا۔ ایک روز ایک گاہک کی پلیٹ میں دال کے اندر ایک ہڈی نظر آئی۔ گاہکوں نے بڑا شور و غل مچایا اور دکاندار کو تنبیہہ کی۔ چنانچہ اب اس نے سادہ دال پکانی شروع کر دی۔ دو تین روز بعد ایک گاہک آیا اور دکاندار کے کان میں کہنے لگا کہ بھائی مجھے تو وہ پہلے والی دال دے دیا کرو۔ اس کے بعد سب نے یکے بعد دیگرے اس کے کان میں

یہی کہنا شروع کردیا۔ اسی طرح یہ لوگ بھی کھینی والی دال کے خلاف شور بھی مچاتے رہتے ہیں اور اس کے سوا ان کے پاس کوئی دوسرا چارہ بھی نہیں۔

س ۔ طاہر القادری صاحب کہتے ہیں کہ پرویز صاحب اچھے خطیب اور مقرر نہیں تھے کیا یہ درست ہے؟

ج ۔ کاش کہ قادری صاحب نے پرویز مرحوم کی کوئی تقریر سنی ہوتی تو وہ ایسا ہرگز نہ کہتے۔ پرویز مرحوم کی ہر تقریر میں ایک ایسی چاشنی موجود تھی کہ سامعین سالہا سال تک ان کا درس سنتے ہوئے ہر مرتبہ ایک نئی لذت محسوس کرتے تھے۔ خاص طور پر جب وہ مقامِ محمدی بیان کرتے تھے یا سورۂ والنجم کی تفسیر بیان کرتے تھے تو شاید درخت بھی وجد میں آجاتے تھے۔ لوگ ان کی تقریر سننے کے اس حد تک دلدادہ ہیں کہ ان کی وفات کے بعد بھی ان کی تقریروں کے کیسٹ سننے کیلئے ہر ہفتہ طلوعِ اسلام ٹرسٹ حاضری دیتے ہیں۔ لیکن قادری صاحب کی تقریروں کا معیار دوسرا ہے۔ ان کا طرزِ تقریر سڑک کے کنارے مجمع لگا کر دوائی بیچنے والوں جیسا ہے۔ یہ لوگ ہمیشہ لوگوں کو تاکید کرتے رہے کہ دیکھنا پرویز کی تقریر سننے کیلئے مت جانا۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ کوئی پرویز مرحوم کی تقریر سن کر اثر لئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

س ۔ قادری صاحب نے یہ بھی کہا ہے کہ مودودی مرحوم، پرویز مرحوم اور ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کی تحریکوں میں روحانیت موجود نہیں۔ یہ کس حد تک درست ہے؟

ج ۔ قادری صاحب کی روحانیت کے معیار کا اندازہ تو آپ اس تحریر سے لگا سکتے ہیں جو میں نے پیش کی ہے اسے روحانیت کی بجائے جذباتیت کہنا زیادہ درست ہے۔ درحقیقت قادری صاحب PARANOIA کے کیس معلوم ہوتے ہیں۔ پیرانایا ایک دماغی مرض ہے جس میں مریض کے ذہن میں EXALTEDNESS یا بڑائی پیدا ہو جاتی ہے وہ اپنے آپ کو ہر کسی سے اونچا سمجھتا ہے۔ میرے طالب علمی کے زمانے میں پاگل خانے میں ایک مریض ہوا کرتا تھا جو بڑی FLUENT تقریر کرتا تھا اور مسلسل گھنٹوں تک بولتا چلا جاتا تھا۔ لیکن اس کی تقریر کے دوران کوئی سوال کر بیٹھے تو بگڑ جاتا تھا اور گالیوں پر اتر آتا تھا۔ ایک اور اسی قسم کا پیرانایا کا مریض تھا۔ وہ طالب علموں کو لیکچر دینا شروع کر دیتا تھا اور کہتا تھا تم میری فوج ہو اور میں تمہارا کمانڈر ہوں۔ میری سپین کے بادشاہ کی لڑکی سے شادی ہونے والی ہے وغیرہ وغیرہ۔ یہی حال ان غیر سنجیدہ مذہبی پیشواؤں کا ہے۔ انکی روحانیت کا صحیح اندازہ ان کی بے تکی تحریروں سے لگتا ہے۔

